DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

مورخہ 17.05.2025

| نمبر شمار | اہم قومی ومقامی خبریں | اخبارات |
|---|---|---|
| 01 | تعلیمی ادارے پیسہ کمانے کے لیے قائم نہیں کیے جاتے، گورنر مندوخیل۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 02 | پاکستان کا دفاع ناقابل تسخیر پاک فوج کا سکھایا سبق دشمن ہمیشہ یاد رکھے گا، وزیر اعلیٰ بگٹی۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 03 | پاکستان دفاع میں خودکفیل پرامن ملک ہے، شعیب نوشیروانی۔ | انتخاب ودیگر اخبارات |
| 04 | پاک افواج کا سبق بھارت رہتی دنیا تک یاد رکھے گا، علی حسن زہری۔ | مشرق ودیگر اخبارات |
| 05 | جعفر آباد ترقی کی راہ پر گامزن ہو چکا ہے، عبدالمجید بادینی۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 06 | خضدار یوم تشکر کی مناسبت سے پرچم کشائی ریلی وقرآن خوانی۔ | مشرق ودیگر اخبارات |
| 07 | ہرنائی میں بھی یوم تشکر پر ریلی شرکاء کے پاک فوج اور پاکستان کے حق میں نعرے۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 08 | یوم تشکر کوئٹہ سمیت بلوچستان بھر میں فتح کا جشن ریلیاں اور تقاریب۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 09 | تربت یوم تشکر عقیدت وقومی جذبے سے منایا گیا۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 10 | یوم تشکر ہم سب کے لیے خوشی کا دن مسلح افواج پر فخر ہے، آئی جی پولیس۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 11 | آئی جی ایف سی نارتھ کا دورہ کوہلو قبائلی عمائدین سے ملاقات۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 12 | بلوچستان ہاؤس کراچی میں نوکروں کی بھرمار 267 ملازمین صوبے بھر پر بوجھ۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 13 | پائیدار ترقی کے لیے محفوظ شفاف اور معاون ماحول فراہم کریں گے، بلال کاکڑ۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 14 | شہریوں کو پینے کے پانی کی فراہمی انتظامیہ کی ذمہ داری ہے، ڈی سی کوئٹہ۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 15 | بسیمہ وماشکیل کو میونسپل کمیٹی کا درجہ دینے کا نوٹیفکیشن میر زاہد علی ریکی کے حوالے۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 16 | بلوچستان بجٹ سرکاری ملازمین کی تنخواہوں میں اضافہ وفاق طرز پر ہونے کا امکان۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 17 | تربت ایف سی کی یقین دہانی تاجروں کا آج سے بازار کھولنے کا اعلان۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 18 | ایف سی کے تحت یوم تشکر پر تقریبات افواج پاکستان نے بھارت کا غرور خاک میں ملا دیا، میجر جنرل عابد مظہر ،میجر جنرل بلال سرفراز، | جنگ ودیگر اخبارات |
| 19 | ملین مارچ کی کامیابی پر عوام وکارکنان کے مشکور ہیں، مولانا عبدالواسع۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 20 | کوئٹہ کی عوام کو کسی شعبے میں سہولیات میسر نہیں، پشتونخوامیپ۔ | جنگ ودیگر اخبارات |

## امن وامان:

خضدار لیویز چیک پوسٹ پر مسلح افراد کی فائرنگ 4 اہلکار شہید، خاران میں نامعلوم افراد نے فائرنگ کر کے ہندو نوجوان کو قتل کر دیا، نال میں لیویز چیک پوسٹ پر حملہ 4 اہلکار جاں بحق، خضدار پولیس کی کاروائیاں 5 ملزمان گرفتار، گاڑی ومنشیات برآمد، کوئٹہ کے علاقے کلی ملاخیل میں ایک شخص نے فائرنگ کر کے اپنی بھابی کو قتل کر دیا۔

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

مورخہ 17.05.2025

**اداریہ:**

روزنامہ میزان کوئٹہ نے **بلوچستان میں پبلک ٹرانسپورٹ بند کرنے کا اعلان** " کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے کہ آل بلوچستان ٹرانسپورٹرز ایکشن کمیٹی اور آل کوئٹہ کراچی کوچز یونین نے 16 مئی سے غیر معینہ مدت کے لیے صوبہ بھر میں پبلک ٹرانسپورٹ بند کرنے اور خضدار کینٹ کے سامنے احتجاجی دھرنے کا اعلان کردیا ہے۔ احتجاج کا مقصد سیکیورٹی اداروں کے مبینہ ناروا سلوک، بلاجواز چیکنگ اور عملے کے ساتھ بدتمیزی کے خلاف آواز بلند کرنا ہے۔ ساتھ ہی بلوچستان بھر میں بین الصوبائی اور بین الاضلاعی کوچز اور بسیں مکمل بند رہیں گی جبکہ کوئٹہ، کراچی سمیت تمام بڑے شہروں میں کوچ کمپنیوں کے دفاتر احتجاجاً بند کر کے تالے لگا دیے جائیں گے۔ چیک پوسٹوں پر کوچز اور عملے کے ساتھ مسلسل بدسلوکی اور تاخیر معمول بن چکی ہے۔ وفاقی اور صوبائی حکومت کو اس حوالے سے فوری طور پر اقدامات کرنے کی ضرورت ہے، یہ آئے روز کا معمول بن گیا ہے کہ سرکاری اور ریاستی اداروں کے ملازمین جو کہ نوکر ہیں عوام کے، انہیں عوام کو سہولیات پہنچانے اور ان کے تحفظ کے لیے رکھا گیا ہے، عوام کے ٹیکسوں سے ان کے گھروں کا چولہا جلتا ہے، بجائے عوام کو تحفظ اور سہولیات پہنچانے کے یہی سیکیورٹی ادارے کے اہلکار اور افسران عوام کو ہی ڈرانے دھمکانے اور ان سے بھتے وصول کرنے میں مصروف نظر آتے ہیں۔ کسی بھی صوبے میں اب سیکیورٹی اداروں کے اہلکاروں کی جانب سے عوام کے جان و مال کے تحفظ کے لیے اقدامات کے بجائے ان کو لوٹنے کے اقدامات کیے جاتے ہیں جو کسی طور قابل برداشت اور نظر انداز نہیں ہیں۔ ان مسائل کا دونوں حکومتوں کو مل کر اور فوری تدارک کرنے کی ضرورت ہے، گزشتہ 77 برسوں سے ہمارے ریاستی اداروں کے اہلکاروں نے اپنے فرائض انجام دینے کے بجائے عوام کو ہی نقصان پہنچایا ہے، اگر یہ اپنے فرائض احسن طریقے سے انجام دیتے تو آج ملک کی یہ حالت نہ ہوتی، چوری، رہزنی، بھتہ خوری، زمینوں پر قبضے اور قتل و غارت گری معمول بن چکی ہے اور ہمارے ریاستی اداروں کے اہلکاروں عوام کو ہی تنگ کرنے میں مصروف ہیں۔ ٹرانسپورٹر حضرات سندھ اور بلوچستان میں خاص طور پر دہری تکالیف جھیل رہے ہیں، ایک جانب سڑکوں کو برا حال ہے، سندھ اور بلوچستان کو چھوڑ کر پورے پاکستان میں موٹروے کا جال بچھا ہوا ہے اور یہاں ہائی وے کی سڑکوں کا بھی برا حال ہے، اس کے ساتھ ہی سیکیورٹی کے معاملات بھی انتہائی خراب ہیں۔

**اداریے:**

روزنامہ قدرت کوئٹہ **حکمران اجازت دیں تو اسرائیل کی اینٹ سے اینٹ بجا دیں** " کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

روزنامہ انتخاب کوئٹہ "**عمران خان ڈیتھ سیل میں** " کے عنوان سے انور ساجدی اداریہ تحریر کیا ہے۔

روزنامہ بلوچستان ٹائم کوئٹہ "Milk adulteration in Balochistan" کے عنوان سے انور ساجدی اداریہ تحریر کیا ہے۔

**مضامین:**

برائے ڈائریکٹر جنرل
نظامت تعلقات عامہ بلوچستان

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 1 Dated: 17 MAY 2025 Page No. 1

## تعلیمی ادارے پیسہ کمانے کیلئے قائم نہیں کیے جاتے، گورنر مندوخیل

**بھاری فیسیں غریب طلبہ پر علم کے دروازے بند کرنے کے مترادف ہیں، گفتگو، گرلز کیڈٹ کالج کا دورہ**

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفرخان مندوخیل نے کہا ہے کہ تعلیمی ادارے پیسہ کمانے کیلئے قائم نہیں کیے جاتے اور تعلیمی اداروں کی بھاری فیسیں وصول کرنا دراصل غریب طلبہ پر علم و شعور کے دروازے بند کرنے کے مترادف ہے لہٰذا نئی نسل کی پوشیدہ صلاحیت و قابلیت میں نکھار پیدا کرنے کیلئے علم و دانش کے نئے راستے کھولنا اور انہیں معاشرے کے غریب ترین طلبہ کیلئے قابل رسائی بنانا اشد ضروری ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں آج صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں گرلز کیڈٹ کالج کوئٹہ (GCCQ) کے دورے کے موقع پر کیا، اس موقع گرلز کیڈٹ کالج کے پرنسپل بریگیڈیئر مرزا فیصل، ایڈیشنل سیکرٹری ہائیر ایجوکیشن عبدالمالک اچکزئی اور ڈائریکٹر کالجز محمد حسین بھی موجود تھے، گورنر بلوچستان جعفرخان مندوخیل نے کہا کہ بلوچستان میں کیڈٹ کالجز طویل عرصے سے معیاری تعلیم، ڈسپلن اور امید کی کرن رہے ہیں جو تعلیمی قابلیت، کردار سازی اور اخلاقی سالمیت کو فروغ دیتے ہیں۔ یہاں بہترین تعلیمی ماحول اور اساتذہ کی لگن اور محنت کو دیکھ کر بہت خوشی ہوئی۔ ضروری ہے کہ تمام کیڈٹ کالجز بالخصوص گرلز کیڈٹ کالج کوئٹہ کی اعلیٰ کارکردگی کو زیادہ سے زیادہ اجاگر کیا جائے، انہوں نے کہا کہ تعلیم اور تربیت ایک دوسرے کیلئے لازم و ملزوم ہیں اور دونوں کے اشتراک سے ہی نئی نسل کے کردار اور شخصیت کی تعمیر جا سکتی ہے۔ یہ بات خوش آئند ہے کہ گرلز کیڈٹ کالج جدید تعلیم اور مناسب تربیت کا بہترین امتزاج پیش کرتا ہے جو مستقبل کے لیڈروں کی تشکیل کرتا ہے، گورنر بلوچستان نے کوئٹہ گرلز کیڈٹ کالج کے پرنسپل، فیکلٹی اور عملے کی شعوری کاوشوں کو سراہا اور کالج کے پرنسپل کو مزید طالبات کیلئے گنجائش پیدا کرنے، متعلقہ اساتذہ کو تمام ضروری سہولیات فراہم کرنا اور ان کے استعداد کار میں مزید اضافے کیلئے اقدامات اٹھانے کی ہدایات کی، انہوں نے کہا کہ اداروں کی بقا درحقیقت میرٹ اور شفافیت کو برقرار رکھنے میں مضمر ہے اسلئے ضروری ہے کہ کیڈٹ کالج کی اصل روح اور تعلیمی امتیاز رکھنے کی روایت کو برقرار رکھا جائے۔ قبل ازیں گورنر بلوچستان نے گرلز کیڈٹ کالج کے مختلف حصوں کا معائنہ کیا اور کیڈٹس کے بنائے ہوئے ہیں فن پاروں، مجسموں اور سائنٹفک ماڈلز کو لائق تحسین قرار دیا۔

MASHRIQ QUETTA

## تعلیمی اداروں کی بقاء درحقیقت میرٹ کو برقرار رکھنے میں مضمر ہے، گورنر

**تعلیمی اداروں کی جانب سے بھاری فیسیں وصول کرنا طلبہ پر علم و شعور کے دروازے بند کرنے کے مترادف ہے، جعفر مندوخیل**

**بلوچستان میں کیڈٹ کالجز طویل عرصے سے معیاری تعلیم، ڈسپلن امید کی کرن اور علمی سرگرمیوں میں ان کا کردار اہم رہا ہے**

**گورنر کا دورہ کوئٹہ گرلز کیڈٹ کالج، پرنسپل بریگیڈیئر مرزا فیصل کو مزید طالبات کیلئے گنجائش، اساتذہ کو تمام ضروری سہولیات فراہم کرنے کی ہدایت**

کوئٹہ (آن لائن) گورنر بلوچستان جعفرخان مندوخیل نے کہا کہ تعلیمی ادارے پیسہ کمانے کیلئے قائم نہیں کئے جاتے اور تعلیمی اداروں کی بھاری فیسیں وصول کرنا دراصل غریب طلبہ پر علم و شعور کے دروازے بند کرنے کے مترادف ہے لہٰذا نئی نسل کی پوشیدہ صلاحیت و قابلیت میں نکھار پیدا کرنے کیلئے علم و دانش کے نئے راستے کھولنا اور انہیں معاشرے کے غریب ترین طلبہ کیلئے قابل رسائی بنا........

بقیہ 68 صفحہ نمبر 7

نا اشد ضروری ہے۔ یہ میرا ذاتی تجربہ رہا ہے کہ علم جب تک نادار تک نہیں پہنچتا وہ اپنے معیار تک نہیں پہنچ سکتا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں آج صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں گرلز کیڈٹ کالج کوئٹہ (GCCQ) کے دورے کے موقع پر کیا۔ اس موقع گرلز کیڈٹ کالج کے پرنسپل بریگیڈیئر مرزا فیصل، ایڈیشنل سیکرٹری ہائیر ایجوکیشن عبدالمالک اچکزئی اور ڈائریکٹر کالجز محمد حسین بھی موجود تھے گورنر بلوچستان جعفرخان مندوخیل نے کہا کہ بلوچستان میں کیڈٹ کالجز طویل عرصے سے معیاری تعلیم، ڈسپلن اور امید کی کرن رہے ہیں جو تعلیمی قابلیت، کردار سازی اور اخلاقی سالمیت کو فروغ دینے میں کردار ادا کر رہے ہیں یہاں بہترین تعلیمی ماحول اور اساتذہ کی لگن اور محنت کو دیکھ کر بہت خوشی ہوئی۔ ضروری ہے کہ تمام کیڈٹ کالجز بالخصوص گرلز کیڈٹ کالج کوئٹہ کی اعلیٰ کارکردگی کو زیادہ سے زیادہ اجاگر کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ تعلیم اور تربیت ایک دوسرے کیلئے لازم و ملزوم ہیں اور دونوں کے اشتراک سے ہی نئی نسل کے کردار اور شخصیت کی تعمیر جا سکتی ہے یہ بات خوش آئند ہے کہ گرلز کیڈٹ کالج جدید تعلیم اور مناسب تربیت کا بہترین امتزاج پیش کر رہا ہے جو مستقبل کے لیڈروں کی تشکیل کرتا ہے۔ گورنر بلوچستان نے کوئٹہ گرلز کیڈٹ کالج کے پرنسپل، فیکلٹی

کو مزید طالبات کیلئے گنجائش پیدا کرنے، متعلقہ اساتذہ کو تمام ضروری سہولیات فراہم اور ان کے استعداد کار میں مزید اضافے کیلئے اقدامات اٹھانے کی ہدایات کی۔ گورنر مندوخیل نے کہا کہ گرلز کیڈٹ کالج کوئٹہ کی کیڈٹس قائدانہ صلاحیتوں کو پروان چڑھانے، ٹیم ورک کا جذبہ ابھارنے اور معیاری تعلیم کے ساتھ ساتھ انکی جسمانی تندرستی کیلئے ہم نصابی سرگرمیاں خراج تحسین کی مستحق ہیں۔ کیڈٹ کالج مقامی لڑکیوں کو مختلف شعبوں میں مستقبل قریب کے رہنماء بننے کیلئے منفرد مواقع فراہم کر رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اداروں کی بقاء درحقیقت میرٹ اور شفافیت کو برقرار رکھنے میں مضمر ہے اسلئے ضروری ہے کہ کیڈٹ کالج کی اصل روح اور تعلیمی امتیاز رکھنے کی روایت کو برقرار رکھا جائے قبل ازیں گورنر بلوچستان نے گرلز کیڈٹ کالج کے مختلف حصوں کا معائنہ کیا اور کیڈٹس کے بنائے فن پاروں، مجسموں اور سائنٹفک ماڈلز کو لائق تحسین قرار دیا۔

**CLIPPING SERVICE**

DIRECTORATE GENERAL OF PUB… RELATIONS BALOCHS…

نظامت اعلیٰ تعلقا… حکومت بلوچ…

Bullet No. 1 Page No. 2

THE DAILY JANG QUETTA

روزنامہ جنگ کوئٹہ

بانی میر خلیل الرحمٰن

جلد 54 ہفتہ 19 ذیقعد 1446ھ 17 مئی 2025ء نمبر 135

قیمت 30 روپے


# پاک فوج کا سکھایا سبق دشمن ہمیشہ یاد رکھے گا، وزیر اعلیٰ بگٹی

پاکستان کا دفاع ناقابل تسخیر

کسی نے مادرِ وطن کی جانب میلی آنکھ سے دیکھنے کی کوشش کی تو وہ آنکھ نکال دی جائے گی، پاکستان نے بارہا ثابت کیا کہ وہ صرف امن کا خواہاں ہے

ہر جارحیت کا منہ توڑ جواب دینے کی بھرپور صلاحیت رکھتے ہیں، کوئی ہمارے صبر کا امتحان لینا چاہتا ہے تو ہم پھر سے تیار ہیں، یوم تشکر کی تقریب سے خطاب

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ پاکستان کا دفاع مضبوط ہاتھوں میں ہے پاکستان باوقار اور ناقابل تسخیر ملک ہے ریاست پاکستان اپنی آزادی اور خودمختاری پر کوئی سمجھوتہ نہیں کرتی اگر کسی نے مادرِ وطن کی جانب میلی آنکھ سے دیکھنے کی کوشش کی تو وہ آنکھ نکال دی جائے گی پاکستان نے بارہا ثابت کیا ہے کہ وہ نہ صرف امن کا خواہاں ہے بلکہ ہر جارحیت کا منہ توڑ جواب دینے کی بھرپور صلاحیت رکھتا ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے جمعہ کے روز یوم تشکر کی مناسبت سے منعقدہ عظیم الشان تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ تقریب میں صوبائی وزراء، پارلیمانی سیکرٹریز، اراکین اسمبلی، اعلیٰ سول و عسکری حکام اور شہداء کی فیملیز نے شرکت کی۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ حالیہ دہشت گرد حملہ جو بھارت میں پاکستان کی سرحد سے سینکڑوں کلومیٹر دور ہوا اس کا الزام بغیر کسی تحقیق کے محض چند منٹوں میں پاکستان پر لگا دیا گیا پاکستان نے ایک ذمہ دار ریاست ہونے کے ناطے نہ صرف شفاف تحقیقات کی پیشکش کی بلکہ دیگر ممالک کو بھی اس عمل میں شامل کرنے کا عندیہ دیا مگر بھارت کے غرور اور تکبر نے ایک بار پھر جنگی جنون کا راستہ اپنایا انہوں نے کہا کہ بھارت نے رات کی تاریکی میں پاکستان پر حملے کی کوشش کی جس کا منہ توڑ جواب دیا گیا جیسے ایک اینکر نے کہا کہ حملے کے بعد بھارت سیز فائر کی منتیں کرتا پھر رہا تھا یہ ہماری عسکری تیاری، جذبہ ایمانی، اور قومی وحدت کا نتیجہ تھا کہ دشمن کو بھرپور جواب ملا وزیر اعلیٰ نے کہا کہ پاکستان کی مسلح افواج ہر وقت وطن عزیز کے دفاع کے لیے تیار ہیں پوری قوم اپنے سپہ سالار اور افواج کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں اور دلیری پر فخر کرتی ہے بلوچستان کے عوام کی جانب سے میں پاک فوج کے سربراہ کو خراج تحسین پیش کرتا ہوں کہ جس حکمت عملی، جرات اور عزم کے ساتھ انہوں نے دشمن کو ناکام بنایا، وہ رہتی دنیا تک یاد رکھا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستانی قوم ایک زندہ قوم ہے جو اپنے دفاع کو عبادت سمجھتی ہے آج ملک بھر میں یوم تشکر کی تقریبات اس بات کی دلیل ہیں کہ ہم اپنی فتح کو اجتماعی شعور اور قومی اتحاد سے مناتے ہیں وزیر اعلیٰ نے کہا کہ ہم بارہا دنیا کو یہ پیغام دے چکے ہیں کہ پاکستان امن کا خواہاں ہے، ہم خطے میں استحکام چاہتے ہیں، لیکن اگر کوئی ہماری امن پسندی کو کمزوری سمجھتا ہے اور ہمارے صبر کا امتحان لینا چاہتا ہے، تو ہم پھر سے تیار ہیں۔

## شہیدوں کی قربانی رائیگاں نہیں جائیگی، کور کمانڈر کوئٹہ/ وزیر اعلیٰ بگٹی

لیفٹیننٹ جنرل راحت نسیم اور وزیر اعلیٰ کی لیفٹیننٹ صفی اللہ اور میجر احمر رضا شہید کے اہل خانہ سے تعزیت

کوئٹہ (این این آئی) کمانڈر 12 کور لیفٹیننٹ جنرل راحت نسیم احمد خان اور وزیر اعلیٰ بلوچستان نے کوئٹہ میں لیفٹیننٹ صفی اللہ شہید اور میجر احمر رضا شہید کے اہل خانہ سے ملاقات کی اور تعزیت کا اظہار کیا لیفٹیننٹ جنرل راحت نسیم احمد خان نے کہا کہ لیفٹیننٹ صفی اللہ شہید اور میجر احمر رضا شہید کی جرات اور بہادری کو زبردست خراج عقیدت پیش کرتے ہیں لیفٹیننٹ صفی اللہ شہید اور میجر احمر رضا کی قربانی سنہری حروف میں لکھی جائے گی وزیر اعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ ایسے بہادر سپوتوں کی بدولت وطن محفوظ ہاتھوں میں ہے مادرِ وطن کے لیے لیفٹیننٹ صفی اللہ شہید اور میجر احمر رضا کی قربانی ہرگز رائیگاں نہیں جائے گی۔




کوئٹہ: وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی یوم تشکر معرکہ حق کی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں



کوئٹہ: وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی وفاقی وزیر احسن اقبال کی زیر صدارت اجلاس میں بذریعہ ویڈیو لنک شریک ہیں

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تع...
حکومت بل...

Bullet No. 1

Page No. 3

Daily MASHRIQ QUETTA

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق ومغرب (قرآن حکیم)

روزنامہ مشرق کوئٹہ

چیف ایگزیکٹو: سید ممتاز احمد

جلد 53 | ہفتہ 19 ذیقعدہ 1446ھ 17 مئی 2025ء، صفحات 08 | شمارہ 319

رجسٹرڈ BC-m-1 | Email. mashriqqta2008@gmail.com | PTCL 081-2827345 081-2827344 | قیمت 30 روپے

# قوم ہر محاذ پر ملک کا دفاع کرنا جانتی ہے، پاکستان اپنی آزادی اور خودمختاری پر کوئی سمجھوتہ نہیں کریگا، وزیراعلیٰ

کسی نے مادر وطن کی جانب میلی آنکھ سے دیکھنے کی کوشش کی تو اسکی آنکھیں نکال دی جائینگی پاکستان نے بارہا ثابت کیا ہے کہ وہ امن کا خواہاں اور ہر جارحیت کا منہ توڑ جواب دینے کی بھرپور صلاحیت رکھتا ہے

بھارت نے رات کی تاریکی میں پاکستان پر حملے کی کوشش کی جس کا منہ توڑ جواب دیا گیا، پاکستان کی مسلح افواج ہر وقت وطن عزیز کے دفاع کے لیے تیار ہیں، قوم کو اپنے سپہ سالار اور افواج پاکستان پر فخر ہے

ہماری امن پسندی کو کمزوری نہ سمجھا جائے، میر سرفراز بگٹی کا یوم تشکر پر عظیم الشان تقریب سے خطاب، تقریب میں صوبائی وزراء، پارلیمانی سیکرٹریز، اراکین اسمبلی، اعلیٰ سول و عسکری حکام اور شہداء کی فیملیز کی شرکت

کوئٹہ (سٹی رپورٹر + خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ پاکستان کا دفاع مضبوط ہاتھوں میں ہے پاکستان باوقار اور ناقابل تسخیر ملک ہے ریاست پاکستان اپنی آزادی اور خودمختاری پر کوئی سمجھوتہ نہیں کرتی اگر کسی نے مادر وطن کی جانب میلی آنکھ سے دیکھنے کی کوشش کی تو وہ آنکھ نکال دی جائے گی پاکستان نے بارہا ثابت کیا ہے کہ وہ نہ صرف امن کا خواہاں ہے بلکہ ہر جارحیت کا منہ توڑ جواب دینے کی بھرپور صلاحیت رکھتا ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے جمعہ کے روز یوم تشکر کی مناسبت سے منعقدہ عظیم الشان تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ تقریب میں صوبائی وزراء، پارلیمانی سیکرٹریز، اراکین اسمبلی، اعلیٰ سول و عسکری حکام ........ بقیہ 1 صفحہ نمبر 7 پر

اور شہداء کی فیملیز نے شرکت کی وزیراعلیٰ نے کہا کہ حالیہ دہشت گرد حملہ جو بھارت میں پاکستان کی سرحد سے سینکڑوں کلومیٹر دور ہوا اس کا الزام بغیر کسی تحقیق کے محض چند منٹوں میں پاکستان پر لگا دیا گیا پاکستان نے ایک ذمہ دار ریاست ہونے کے ناطے نہ صرف شفاف تحقیقات کی پیشکش کی بلکہ دیگر ممالک کو بھی اس عمل میں شامل کرنے کا عندیہ دیا مگر بھارت کے غرور اور تکبر نے ایک بار پھر جنگی جنون کا راستہ اپنایا انہوں نے کہا کہ بھارت نے رات کی تاریکی میں پاکستان پر حملے کی کوشش کی جس کا منہ توڑ جواب دیا گیا جیسے ایک اینکر نے کہا کہ حملے کے بعد بھارت سیز فائر کی منتیں کرتا پھر رہا تھا یہ ہماری عسکری تیاری، جذبہ ایمانی، اور قومی وحدت کا نتیجہ تھا کہ دشمن کو بھرپور جواب ملا وزیراعلیٰ نے کہا کہ پاکستان کی مسلح افواج ہر وقت وطن عزیز کے دفاع کے لیے تیار ہیں پوری قوم اپنے سپہ سالار اور افواج کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں اور دلیری پر فخر کرتی ہے بلوچستان کے عوام کی جانب سے میں پاک فوج کے سربراہ کو خراج تحسین پیش کرتا ہوں کہ جس حکمت عملی، جرات اور عزم کے ساتھ انہوں نے دشمن کو ناکام بنایا، وہ رہتی دنیا تک یاد رکھا جائے گا انہوں نے کہا کہ پاکستانی قوم ایک زندہ قوم ہے جو اپنے دفاع کو عبادت سمجھتی ہے آج ملک بھر میں یوم تشکر کی تقریبات اس بات کی دلیل ہیں کہ ہم اپنی فتح کو اجتماعی شعور اور قومی اتحاد سے مناتے ہیں وزیراعلیٰ نے کہا کہ ہم بارہا دنیا کو یہ پیغام دے چکے ہیں کہ پاکستان امن کا خواہاں ہے، ہم خطے میں استحکام چاہتے ہیں، لیکن اگر کوئی ہماری امن پسندی کو کمزوری سمجھتا ہے اور ہمارے صبر کا امتحان لینا چاہتا ہے، تو ہم پھر سے تیار ہیں۔ اسے ویسا ہی دندان شکن جواب ملے گا، جیسا پہلے ملا وزیراعلیٰ نے تقریب میں شرکت پر تمام معزز مہمانوں کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ یہ قومی اتحاد اور یکجہتی کا عملی

## وزیراعلیٰ وکمانڈر 12 کور اور کی شہداء کے اہل خانہ سے ملاقات

لیفٹیننٹ صفی اللہ شہید اور میجر احمر رضا کی قربانی ہرگز رائیگاں نہیں جائے گی، سرفراز بگٹی

شہداء کی جرات اور بہادری کو خراج عقیدت پیش کرتے ہیں، لیفٹیننٹ جنرل راحت نسیم احمد خان

کوئٹہ (این این آئی) کمانڈر 12 کور لیفٹیننٹ جنرل راحت نسیم احمد خان اور وزیر اعلیٰ بلوچستان نے کوئٹہ میں لیفٹیننٹ صفی اللہ شہید اور میجر احمر رضا شہید کے اہل خانہ سے ملاقات کی اور تعزیت کا اظہار کیا لیفٹیننٹ جنرل راحت نسیم احمد خان نے کہا کہ لیفٹیننٹ صفی اللہ شہید اور میجر احمر رضا شہید کی جرات اور بہادری کو زبردست خراج عقیدت پیش کرتے ........ بقیہ 12 صفحہ نمبر 7 پر

ہیں لیفٹیننٹ صفی اللہ شہید اور میجر احمر رضا کی قربانی سنہری حروف میں لکھی جائے گی وزیر اعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ ایسے بہادر سپوتوں کی بدولت وطن محفوظ ہاتھوں میں ہے مادر وطن کے لیے لیفٹیننٹ صفی اللہ شہید اور میجر احمر رضا کی قربانی ہرگز رائیگاں نہیں جائے گی،



سرفراز بگٹی سے اپوزیشن لیڈر یونس عزیز زہری یوم تشکر معرکہ حق کی مناسبت سے منعقدہ تقریب میں بات چیت کررہے ہیں



کوئٹہ، وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی یوم تشکر معرکہ حق کی مناسبت سے منعقدہ تقریب سے خطاب کررہے ہیں

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 4

THE DAILY INTEKHAB (Quetta)

روزنامہ انتخاب کوئٹہ

رجسٹرڈ نمبر بی سی I-4

قیمت 30 روپے ★ صفحات

www.dailyintekhab.PK

Intekhabnews@gmail.com,

Quetta Ph:081-2822909

جلد نمبر 32 | بروز ہفتہ 17 مئی 2025ء بمطابق 19 ذیقعد 1446ھ | شمارہ نمبر 135

# میر سرفراز بگٹی

# سپہ سالار کو بلوچستان کے عوام کی جانب سے خراج تحسین پیش کرتے ہیں

دشمن دوبارہ ہمارا بازو آزمانہ چاہتے ہیں تو ایک بار پھر آ کر اپنا شوق پورا کرلیں، وزیراعلیٰ سیکرٹریٹ میں یوم تشکر کی مناسبت سے منعقدہ تقریب سے خطاب

**پاکستان ایک مضبوط ملک ہے پاکستان کی فوج یہ صلاحیت رکھتی ہیں کہ وہ کسی بھی وقت دشمن کے دانت کھٹے کرسکتے ہیں، وزیراعلیٰ**

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز احمد بگٹی نے کہا ہے کہ قوم کے شاہینوں نے ثابت کردیا ہے کہ پاکستان کسی کے لئے آسان ہدف نہیں آج پوری قوم اپنے محافظوں کی جرت، قربانی اور جذبے پر فخر کرتے ہوئے یوم تشکر منا رہی ہے، پاک فوج کے سپہ سالار جنرل عاصم منیر کو بلوچستان کے عوام کی جانب سے خراج تحسین پیش کرتے ہیں، اگر دشمن دوبارہ ہمارا بازو آزمانہ چاہتے ہیں تو ایک بار پھر آ کر اپنا شوق پورا کرلیں۔ یہ بات انہوں نے

بقیہ نمبر 47 صفحہ 5 پر



وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی یوم تشکر معرکہ حق کی مناسبت سے منعقدہ تقریب سے خطاب کررہے ہیں

جمعہ کی شب وزیراعلیٰ سیکرٹریٹ میں یوم تشکر کی مناسبت سے منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ اس موقع پر صوبائی وزراء میر محمد صادق عمرانی، بخت محمد کاکڑ، میر شعیب نوشیروانی، راحیلہ حمید خان درانی، سردار کوہیار خان ڈومکی، رکن قومی اسمبلی جمال شاہ کاکڑ، اپوزیشن لیڈر میر یونس عزیز زہری، ظفر اللہ زہری، زاہد علی ریکی، چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان اور آئی جی پولیس بلوچستان معظم جاہ انصاری بھی موجود تھے۔ وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ آج کا دن پاکستانی قوم کے لئے فخر اور سربلندی کا دن ہے پاکستانی قوم ایک زندہ، بیدار اور غیرت مند قوم ہے جو ہر محاذ پر اپنے وطن کا دفاع کرنا بخوبی جانتی ہے پچھلی کئی دھائیوں سے ہندوستان تکبر میں رہا ہے کہ انہیں کوئی چیلنج نہیں کرسکتا اور پاکستان کی ہمیشہ خواہش رہی ہے کہ وہ پرامن رہے اور امن پسند رہے پاکستان کی یہ بھی خواہش رہی ہے کہ پاک وطن کو کسی نے میلی آنکھ سے دیکھنے کی کوشش کی تو اسکی آنکھ کو نکال دیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ بھارت نے رات کی تاریکی میں بزدلانہ حملہ کرنے کی کوشش کی جس کا ہماری افواج نے منہ توڑ جواب دیا جس کے بعد وہ سیز فائر کے لئے منتیں کرتا پھر رہا تھا۔ انہوں نے کہا کہ فرانسیسی ساختہ طیارے بھی ہمارے پائلٹس نے تباہ کیے جس سے دشمن کی برتری خاک میں مل گئی پاکستان کی خودمختاری پر کوئی سمجھوتہ ممکن نہیں دنیا کو ہمیشہ یہ پیغام دیتا ہے کہ ہم امن چاہتے ہیں لیکن دفاع سے کبھی غافل نہیں ہونگے پاکستانی قوم کو جب للکارہ گیا تو شاہینوں اور سپہ سالار نے دشمن کی جارحیت کو ناکام بنا کر دنیا پر واضح کردیا کہ پاکستان ترنوالہ نہیں بلکہ پاکستان ایک مضبوط ملک ہے پاکستان کی فوج یہ صلاحیت رکھتی ہیں کہ وہ کسی بھی وقت دشمن کے دانت کھٹے کرسکتے ہیں۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز احمد بگٹی نے پاک فوج کے سپہ سالار جنرل عاصم منیر کو بلوچستان کے عوام کی جانب سے خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ ہماری قوم اپنے محافظوں کے ساتھ چٹان کی طرح کھڑی ہے۔ انہوں نے کہا کہ دشمن کو ہر پلیٹ فارم پر یہ پیغام دینا چاہتے ہیں کہ ہم امن چاہتے ہیں لیکن اگر دشمن ہمارا بازو آزمانہ چاہتے ہیں تو ایک بار پھر آ کر اپنا شوق پورا کرلیں



وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی میر حاجی زاہد علی ریکی کو بسیمہ اور ماشکیل کو میونسپل کمیٹی کا درجہ دینے کا نوٹیفکیشن دے رہے ہیں

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSIT[AN]

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچ[ستان]

Bullet No. 1

Page No. 5



THE DAILY INTEKHAB (HUB)

روزنامہ انتخاب حب بلوچستان

رجسٹرڈ نمبر ایل بی سی I-3

قیمت 40 روپے ★ صفحات 8

www.dailyintekhab.pk
Hub Ph: 0853-363533
Karachi Ph: 021-32631089 & 32634518

جلد نمبر 37 | بروز جمعۃ المبارک 16/ مئی 2025ء بمطابق 18/ ذیقعد 1446ھ | شمارہ نمبر 134


# بلوچستان میں علیحدگی کی لہر کا انجام ترکیہ کی کردستان تحریک جیسا ہوگا

**میر سرفراز بگٹی**

## بھارت کا انجام بتاتا ہے پاکستان کو تشدد سے توڑا نہیں جا سکتا، ایک دن بلوچ نوجوان خود سوال کریگا اسے بندوق کی طرف کیوں دھکیلا گیا

### معصوم شہریوں کا قتل کسی بھی بلوچ ثقافت کا حصہ نہیں ہو سکتا، صوبے میں دہشت گردی کی موجودہ لہر کا آغاز بھی عدالتوں کے سامنے سے ہوا، تقریب سے خطاب

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ بلوچستان کے دانشوروں کو تاریخ کے تلخ حقائق سے سیکھنے اور آنے والی نسلوں کو صحیح سمت دکھانے کی ضرورت ہے ہمیں اس سوچ کا جائزہ لینا ہوگا کہ آزادی کی جنگ حاصل ہے یا لاحاصل کیونکہ پاکستان ایک ایسی ریاست ہے جس نے ہمیشہ ملک توڑنے کی سازشوں کا مقابلہ کیا اور متحد رہا بلوچستان میں دہشت گردی کی موجودہ لہر بقیہ نمبر 49 صفحہ 7 پر



وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی بلوچستان ہائیکورٹ بار ایسوسی ایشن سے خطاب کررہے ہیں

کا آغاز بھی عدالتوں کے سامنے سے ہوا جہاں جسٹس نواز مری کو شہید کیا گیا اور بعد ازاں ان کے ورثاء نے نواب خیر بخش مری اور ان کے بیٹوں کے خلاف ایف آئی آر درج کرائی نواب مری نے تو گرفتاری دے دی لیکن ان کے بیٹے بھاگ گئے یہیں سے ناراض بلوچ کا سلسلہ شروع ہوا جس نے صوبے کو دہشت گردی کی آگ میں جھونک دیا ان خیالات کا اظہار انہوں نے جمعرات کو بلوچستان ہائیکورٹ بار ایسوسی ایشن کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا اس موقع پر صدر سپریم کورٹ بار ایسوسی ایشن پاکستان میاں روف عطاء صدر بلوچستان ہائیکورٹ بار ایسوسی ایشن میر عطاء اللہ لانگو نے بھی خطاب کیا اپنے خطاب میں وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ کوئٹہ میں اسکول، کالج، عدالتیں آج آباد ہیں لیکن دہشت گرد غائب و برباد ہیں یہ ہماری ریاست کی کامیابی ہے انہوں نے کہا کہ میری ہمیشہ خواہش رہی کہ قانون کے رکھوالوں سے براہ راست ملاقات ہو بلوچستان کے وکلاء نے دہشت گردی کے خلاف جنگ میں بے پناہ قربانیاں دی ہیں اور ان کی خدمات ناقابل فراموش ہیں انہوں نے کہا کہ ہمیں یہ بات سمجھنی چاہیے کہ علیحدہ ریاست کا خواب نظریاتی بنیادوں پر پروان چڑھایا گیا اور شدت پسندی کے ذریعے بلوچستان کو قتل و غارت گری کا سامنا کرنا پڑا اس کے برعکس غوث بخش بزنجو جیسے رہنماؤں نے سیاسی جدوجہد سے حقوق حاصل کرنے کی روایت ڈالی ہمیں ان جیسے رہنماؤں سے سیکھنا ہے۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ پاکستان کا قومی پرچم جلایا گیا، اور بی وائے سی جیسی تنظیموں کی تقاریب میں آزادی کے ترانے گائے گئے جو آئین پاکستان کی صریح خلاف ورزی ہے افسوس ناک امر یہ ہے کہ جب ان تنظیموں کے خلاف کارروائی ہوتی ہے تو وکلاء ان کی وکالت کے لیے کھڑے ہو جاتے ہیں کیا آئین یہ کہتا ہے کہ دہشتگردوں کی نمائندگی کی جائے؟ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ افغانستان کی سرزمین کو پاکستان کے خلاف استعمال کیا گیا، اقوام متحدہ میں پاکستان کی مخالفت کی گئی اور پشتون زلے کے نام پر پراکسی وار چھیڑی گئی موساد اور را جیسی ایجنسیاں پاکستان میں بدامنی کے لیے متحرک رہیں اور اس میں ہمارے ہی بعض دانشوروں کو استعمال کیا گیا وزیر اعلیٰ نے واضح کیا کہ بھارت کا انجام بتاتا ہے کہ پاکستان کو تشدد سے توڑا نہیں جا سکتا بلوچ علیحدگی تحریک کا انجام بھی ترکی کی کردستان تحریک جیسا ہوگا ایک دن بلوچ نوجوان خود سوال کرے گا کہ اسے بندوق کی طرف کیوں دھکیلا گیا

۔انہوں نے کہا کہ ہمیں یہ غلط تصور ختم کرنا ہوگا کہ جتنے پنجابی یا فوجی مارے گئے وہ سب ایجنٹ تھے۔ معصوم شہریوں کا قتل کسی بھی بلوچ ثقافت کا حصہ نہیں ہو سکتا ہم حکومت کی حیثیت سے ہمیشہ مظلوم کے ساتھ کھڑے ہیں بی وائی سی کے جلسے آئین کے مطابق نہیں وزیر اعلیٰ نے سوال کیا کہ بشیر زیب جیسے افراد کو یہاں آکر تقریر کی اجازت دی جا سکتی ہے۔ یقیناً پاکستان کا قانون اس بات کی اجازت نہیں دیتا وزیر اعلیٰ نے کہا کہ سعید بادینی جیسے دہشتگرد نے خودکش حملے کیے میں نے اس کا انٹرویو کیا اس نے ہمیں مرتد کہا اور ہمارے قتل کی سازش کا اعتراف کیا میر سرفراز بگٹی نے اس موقع پر بلوچستان ہائیکورٹ بار ایسوسی ایشن کے وکلاء کے لئے پانچ کروڑ روپے کی گرانٹ، وکلاء ہاؤسنگ اسکیم، ہیلتھ انشورنس، لائبریری، خواتین وکلاء کے لیے پنک سکوٹیز اور پنک وین، اور وکلاء کے لیے شٹل سروس بسوں کی فراہمی کا اعلان بھی کیا جبکہ بلدیہ پلازہ میں مناسب کرائے پر چیمبرز اور دفاتر کی فراہمی کی یقین دہانی بھی کرائی انہوں نے کہا کہ اندرون بلوچستان وکلاء کی بہبود کیلئے قابل عمل اقدامات اٹھائے جائیں گے انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں ترقی کا سفر جاری ہے سڑکیں تعمیر ہو رہی ہیں فاصلے سمٹ رہے ہیں بیڈ گورننس اور کرپشن دہشت گردی کو جنم دیتی ہے اس کا خاتمہ ہماری ترجیح ہے احتجاج ہر شہری کا حق ہے لیکن اس کے لیے جگہ کے تعین کا اختیار حکومت کا ہے وزیر اعلیٰ نے وکلاء پر زور دیا کہ وہ قانون و انصاف کے علمبردار بنیں اور انتہا پسندی کے بجائے آئینی راستوں کو اپنائیں تاکہ بلوچستان میں پائیدار امن اور ترقی کا خواب شرمندہ تعبیر ہو سکے تقریب میں صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ، ایڈووکیٹ جنرل بلوچستان عدنان بشارت بھی موجود تھے۔

روزنامہ ایکسپریس کوئٹہ سینچری

پاکستان کے 11 شہروں سے بیک وقت شائع ہونے والا واحد اخبار

جلد 23 شمارہ 154 | ہفتہ، 19 ذیقعد، 17 مئی 2025ء، صفحات 8 قیمت 40 روپے

# ہمارے شاہینوں نے ثابت کر دیا پاکستان آسان ہدف نہیں، وزیراعلیٰ

## دشمن نے رات کی تاریکی میں بزدلانہ حملے کی کوشش کی جس کا ہماری بہادر افواج نے منہ توڑ جواب دیا

## اگر دوبارہ جارحیت کی کوشش ہوئی تو فیصلہ کن جواب دیا جائے گا، میر سرفراز بگٹی کا یوم تشکر کی تقریب سے خطاب

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کا کہنا ہے کہ پاکستانی قوم ایک زندہ، بیدار اور غیرت مند قوم ہے، جو ہر محاذ پر اپنے وطن کا دفاع کرنا بخوبی جانتی ہے۔ قوم کے شاہینوں نے ثابت کر دیا ہے کہ پاکستان کسی کے لیے آسان ہدف نہیں پاک فوج نے بھارت کا تکبر خاک میں ملا دیا ہے۔ آج پوری قوم اپنے محافظوں کی جرات، قربانی اور جذبے پر فخر کرتے ہوئے یوم تشکر منا رہی ہے ان خیالات کا (باقی صفحہ 5 نمبر 23)

اظہار انہوں نے وزیراعلیٰ سیکرٹریٹ میں یوم تشکر کے حوالے سے منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی کا کہنا تھا کہ آج کا دن پاکستانی قوم کے لیے فخر اور سربلندی کا دن ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان ہمیشہ امن کا خواہاں رہا ہے، لیکن دشمن نے رات کی تاریکی میں بزدلانہ حملے کی کوشش کی، جس کا ہماری افواج نے منہ توڑ جواب دیا۔ انہوں نے کہا کہ بھارت ہمیشہ تکبر کا شکار رہا ہے، مگر پاکستان کے جانبازوں نے ایک بار پھر ثابت کیا کہ یہ قوم نہ جھکنے والی نہ بکنے والی ہے۔ قوم کے شاہینوں نے دشمن کی جارحیت کو ناکام بنا کر دنیا پر واضح کر دیا کہ پاکستان تر نوالہ نہیں۔ وزیراعلیٰ نے سپہ سالار اور افواجِ پاکستان کو بلوچستان کے عوام کی جانب سے خراج تحسین پیش کیا اور کہا کہ ہماری قوم اپنے محافظوں کے ساتھ چٹان کی طرح کھڑی ہے۔ انہوں کہا کہ دشمن کے فرانسیسی ساختہ طیارے بھی ہمارے پائلٹس نے تباہ کیے جس سے دشمن کی برتری خاک میں مل گئی۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ اگر دشمن نے دوبارہ جارحیت کی کوشش کی تو اس بار پہلے سے بھی سخت اور فیصلہ کن جواب دیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی خودمختاری پر کوئی سمجھوتہ ممکن نہیں، اور دنیا کو ہمیشہ یہ پیغام دیتا ہے کہ ہم امن چاہتے ہیں، لیکن دفاع سے کبھی غافل نہیں ہوں گے۔ تقریب میں صوبائی وزراء، پارلیمانی سیکریٹریز، اراکین قومی و صوبائی اسمبلی، چیف سیکرٹری بلوچستان اور آئی جی پولیس بلوچستان نے بھی شرکت کی، تقریب میں ملی نغموں حاضرین بھی محظوظ ہوئے تقریب میں صوبائی وزراء اپوزیشن اور اراکین اسمبلی اعلیٰ افسران نے بھی شرکت کی۔



وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی وزیراعلیٰ سیکرٹریٹ کوئٹہ میں یوم تشکر معرکہ حق کی مناسبت سے منعقدہ تقریب کے موقع پر قومی ترانے کے احترام میں کھڑے ہیں



وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی وزیراعلیٰ سیکرٹریٹ کوئٹہ میں یوم تشکر معرکہ حق کی مناسبت سے منعقدہ تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MEEZAN QUETTA

Bullet No. 1

Dated: 17 MAY 2025 Page No. 2



وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی وزیراعلیٰ سیکرٹریٹ کوئٹہ میں یوم تشکر معرکہ حق کی مناسبت سے منعقدہ تقریب سے خطاب کر رہے ہیں



وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی وفاقی وزیر منصوبہ بندی احسن اقبال کی زیر صدارت انٹیگریٹڈ فلڈ ریزیلینس اینڈ ایڈاپٹیشن پراجیکٹ (IFRAP) کے قومی اسٹیئرنگ کمیٹی کے اجلاس میں بذریعہ ویڈیو لنک شریک ہیں۔



وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی رکن صوبائی اسمبلی میر [illegible] کو [illegible] کا نوٹیفکیشن دے رہے ہیں



وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے سید اقبال شاہ کی قیادت میں پاکستان پیپلز پارٹی رخشان ڈویژن کا وفد ملاقات کر رہا ہے

CLIPPING SERVICE

DIRECT
GENERAL
RELATIONS B

نظامت اعلیٰ
حکومت

Bullet No. 1

Page No. 8



روزنامہ
THE DAILY BAAKHABAR QUETTA
باخبر
کوئٹہ
بانی
اکرام اللہ خان

جلد 29 ہفتہ 17 مئی 2025ء بمطابق 19 ذوالقعدہ 1446ھ قیمت 20 روپے شمارہ 134


# پاکستان ناقابل تسخیر ہے دشمن کی ہر جارحیت کا جواب دیا جائے گا وزیر اعلیٰ بلوچستان


**پاک فوج کے سپہ سالار جنرل عاصم منیر کو بلوچستان کے عوام کی جانب سے خراج تحسین پیش کرتے ہیں اگر دشمن دوبارہ ہمارا بازو آزمانا چاہتا ہے تو ایک بار پھر آ کر اپنا شوق پورا کرے**

**وزیراعلیٰ سیکرٹریٹ میں یوم تشکر کی مناسبت سے منعقدہ تقریب سے میر سرفراز بگٹی کا خطاب صوبائی وزراء اپوزیشن رہنماء چیف سیکرٹری بلوچستان و دیگر حکام شریک ہوئے**

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ پاکستان کا دفاع مضبوط ہاتھوں میں ہے پاکستان باوقار اور ناقابل تسخیر ملک ہے ریاست پاکستان اپنی آزادی اور خودمختاری پر کوئی سمجھوتہ نہیں کرتی اگر کسی نے مادر وطن کی جانب میلی آنکھ سے دیکھنے کی کوشش کی تو وہ آنکھ نکال دی جائے گی پاکستان نے بارہا ثابت کیا ہے کہ وہ نہ صرف امن کا خواہاں ہے بلکہ ہر جارحیت کا منہ توڑ جواب دینے کی بھرپور صلاحیت رکھتا ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے جمعہ کے روز یوم تشکر کی مناسبت سے منعقدہ عظیم الشان تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ تقریب میں صوبائی وزراء، پارلیمانی سیکرٹریز، اراکین اسمبلی، اعلیٰ سول و عسکری حکام اور شہداء کی فیملیز نے شرکت کی وزیراعلیٰ نے کہا کہ حالیہ دہشت گرد حملہ جو بھارت میں پاکستان کی سرحد سے سینکڑوں کلومیٹر دور ہوا اس کا الزام بغیر کسی تحقیق کے محض چند منٹوں میں پاکستان پر لگا دیا گیا پاکستان نے ایک ذمہ دار ریاست ہونے کے ناطے نہ صرف شفاف تحقیقات کی پیشکش کی بلکہ دیگر ممالک کو بھی اس عمل میں شامل کرنے کا عندیہ دیا مگر بھارت کے غرور اور تکبر نے ایک بار پھر جنگی جنون کا راستہ اپنایا انہوں نے کہا کہ بھارت نے رات کی تاریکی میں پاکستان پر حملے کی کوشش کی جس کا منہ توڑ جواب دیا گیا جیسے ایک اینکر نے کہا کہ حملے کے بعد بھارت سیز فائر کی منتیں کرتا پھر رہا تھا یہ ہماری عسکری تیاری، جذبہ ایمانی، اور قومی وحدت کا نتیجہ تھا کہ دشمن کو بھرپور جواب ملا وزیراعلیٰ نے کہا کہ پاکستان کی مسلح افواج ہر وقت وطن عزیز کے دفاع کے لیے تیار ہیں پوری قوم اپنے سپہ سالار اور افواج کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں اور دلیری پر فخر کرتی ہے بلوچستان کے عوام کی جانب سے میں پاک فوج کے سربراہ کو خراج تحسین پیش کرتا ہوں کہ جس حکمت عملی، جرات اور عزم کے ساتھ انہوں نے دشمن کو ناکام بنایا، وہ رہتی دنیا تک یاد رکھا جائے گا



وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی بذریعہ ویڈیو لنک وفاقی وزیر منصوبہ بندی احسن اقبال کی زیر صدارت اجلاس میں شریک ہیں



کوئٹہ، وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی سابق ڈپٹی میئر میر یونس بلوچ کے صاحبزادے کے انتقال پر اظہار تعزیت و فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

CLIPPING SERVICE

DIRECT… GENERAL … RELATIONS B…

نظامت اعلیٰ … حکومت …

Bullet No. ١

Page No. 10

Daily AZADI Quetta

روزنامہ آزادی کوئٹہ

بانی صدیق بلوچ

جلد نمبر۔24 | ہفتہ 17 مئی 2025ء بمطابق 19 ذیقعد 1446ھ قیمت 20 روپے | شمارہ نمبر۔134

# پاکستان باوقار اور ناقابل تسخیر ملک ہے کسی نے میلی آنکھ سے دیکھنے کی کوشش کی تو آنکھ نکال دینگے، سرفراز بگٹی

## پاکستان نے بارہا ثابت کیا ہے کہ وہ نہ صرف امن کا خواہاں ہے بلکہ ہر جارحیت کا منہ توڑ جواب دینے کی بھرپور صلاحیت رکھتا ہے

## حالیہ دہشت گرد حملہ جو بھارت میں پاکستان کی سرحد سے سینکڑوں کلومیٹر دور ہوا اس کا الزام بغیر کسی تحقیق کے محض چند منٹوں میں پاکستان پر لگا دیا گیا

## پاکستان کی مسلح افواج ہر وقت وطن عزیز کے دفاع کے لیے تیار ہیں پوری قوم اپنے سپہ سالار اور افواج کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں اور دلیری پر فخر کرتی ہے

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ پاکستان کا دفاع مضبوط ہاتھوں میں ہے ا پاکستان باوقار اور ناقابل تسخیر ملک ہے ریاست پاکستان اپنی آزادی اور (بقیہ نمبر 9 صفحہ نمبر 2 پر)

خودمختاری پر کوئی سمجھوتہ نہیں کرتی اگر کسی نے مادر وطن کی جانب میلی آنکھ سے دیکھنے کی کوشش کی تو وہ آنکھ نکال دی جائے گی پاکستان نے بارہا ثابت کیا ہے کہ وہ نہ صرف امن کا خواہاں ہے بلکہ ہر جارحیت کا منہ توڑ جواب دینے کی بھرپور صلاحیت رکھتا ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے جمعہ کے روز یوم تشکر کی مناسبت سے منعقدہ عظیم الشان تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ تقریب میں صوبائی وزراء، پارلیمانی سیکرٹریز، اراکین اسمبلی، اعلیٰ سول و عسکری حکام اور شہداء کی فیملیز نے شرکت کی وزیراعلیٰ نے کہا کہ حالیہ دہشت گرد حملہ جو بھارت میں پاکستان کی سرحد سے سینکڑوں کلومیٹر دور ہوا اس کا الزام بغیر کسی تحقیق کے محض چند منٹوں میں پاکستان پر لگا دیا گیا پاکستان نے ایک ذمہ دار ریاست ہونے کے ناطے نہ صرف شفاف تحقیقات کی پیشکش کی بلکہ دیگر ممالک کو بھی اس عمل میں شامل کرنے کا عندیہ دیا مگر بھارت کے غرور اور تکبر نے ایک بار پھر جنگی جنون کا راستہ اپنایا انہوں نے کہا کہ بھارت نے رات کی تاریکی میں پاکستان پر حملے کی کوشش کی جس کا منہ توڑ جواب دیا گیا جیسے ایک اسکر نے کہا کہ حملے کے بعد بھارت سیز فائر کی بھیک مانگتا پھر رہا تھا یہ ہماری عسکری تیاری، جذبہ ایمانی، اور قومی وحدت کا نتیجہ تھا کہ دشمن کو بھرپور جواب ملا وزیراعلیٰ نے کہا کہ پاکستان کی مسلح افواج ہر وقت وطن عزیز کے دفاع کے لیے تیار ہیں پوری قوم اپنے سپہ سالار اور افواج کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں اور دلیری پر فخر کرتی ہے بلوچستان کے عوام کی جانب سے میں پاک فوج کے سربراہ کو خراج تحسین پیش کرتا ہوں کہ جس حکمت عملی، جرات اور عزم کے ساتھ انہوں نے دشمن کو ناکام بنایا، وہ رہتی دنیا تک یاد رکھا جائے گا انہوں نے کہا کہ پاکستانی قوم ایک زندہ قوم ہے جو اپنے دفاع کو عبادت سمجھتی ہے آج ملک بھر میں یوم تشکر کی تقریبات اس بات کی دلیل ہیں کہ ہم اپنی فتح کو اجتماعی شعور اور قومی اتحاد سے مناتے ہیں وزیراعلیٰ نے کہا کہ ہم بارہا دنیا کو یہ پیغام دے چکے ہیں کہ پاکستان امن کا خواہاں ہے، ہم خطے میں استحکام چاہتے ہیں، لیکن اگر کوئی ہماری امن پسندی کو کمزوری سمجھتا ہے اور ہمارے صبر کا امتحان لینا چاہتا ہے، تو ہم پھر سے تیار ہیں۔ اسے ویسا ہی دندان شکن جواب ملے گا، جیسا پہلے ملا وزیراعلیٰ نے تقریب میں شرکت پر تمام معزز مہمانوں کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ یہ قومی اتحاد اور یکجہتی کا عملی مظاہرہ ہے جو دشمن کو واضح پیغام دیتا ہے کہ پاکستان ایک مضبوط، متحد اور پرعزم ریاست ہے

# کمانڈر 12 کور اور وزیراعلیٰ بلوچستان کی شہداء کے اہل خانہ سے ملاقات

## لیفٹیننٹ صفی اللہ اور میجر احمر رضا کی جرات و بہادری کو خراجِ عقیدت پیش کیا

کوئٹہ (این این آئی) کمانڈر 12 کور لیفٹیننٹ جنرل راحت نسیم احمد خان اور وزیرِ اعلیٰ بلوچستان نے کوئٹہ میں لیفٹیننٹ صفی اللہ شہید اور میجر احمر رضا شہید کے اہلِ خانہ سے ملاقات کی اور تعزیت کا اظہار کیا لیفٹیننٹ جنرل راحت نسیم احمد خان نے کہا کہ لیفٹیننٹ (بقیہ نمبر 25 صفحہ نمبر 2 پر)

صفی اللہ شہید اور میجر احمر رضا شہید کی جرات اور بہادری کو زبردست خراجِ عقیدت پیش کرتے ہیں لیفٹیننٹ صفی اللہ شہید اور میجر احمر رضا کی قربانی سنہری حروف میں لکھی جائے گی وزیرِ اعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ ایسے بہادر سپوتوں کی بدولت وطن محفوظ ہاتھوں میں ہے مادرِ وطن کے لیے لیفٹیننٹ صفی اللہ شہید اور میجر احمر رضا کی قربانی ہرگز رائیگاں نہیں جائے گی



کوئٹہ، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی وفاقی وزیر منصوبہ بندی احسن اقبال کی زیر صدارت ہونے والے اجلاس میں بذریعہ ویڈیو لنک شریک ہیں



کوئٹہ، وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی سے سید اقبال شاہ کی قیادت میں پاکستان پیپلز پارٹی رخشان ڈویژن کا وفد ملاقات کر رہا ہے

DIRECTORA[TE]
GENERAL OF P[UBLIC]
RELATIONS BALO[CHISTAN]

نظامت اع[لیٰ]
حکوم[ت]

Bullet No. 1

Page No. 11

Daily BALOCHISTAN NEWS QUETTA

روزنامہ بلوچستان نیوز کوئٹہ

چیف ایڈیٹر محمد انور ناصر

جلد 28 | Ph :2839851 | FaX:2839867 | قیمت 10روپے | MEMBER OF APNS | شمارہ 90

ہفتہ 17 مئی 2025ء | 19 ذیقعد | 1446ھ | رجسٹرڈ ٹی سی پی-10

# ریاست کی طرف میلی نظروں سے دیکھنے والوں کی آنکھیں نکال دیں گے

سرفراز بگٹی

## پاکستان کا دفاع مضبوط ہاتھوں میں، ریاست اپنی آزادی اور خودمختاری پر کوئی سمجھوتہ نہیں کرتی، رات کی تاریکی میں حملے کی کوشش کا منہ توڑ جواب دیا گیا

### پاکستان امن کا خواہاں، خطے میں استحکام چاہتے ہیں اگر ہمارے صبر کا امتحان لینا چاہتا ہے تو تیار ہیں، وزیراعلیٰ کا یوم تشکر کی تقریب سے خطاب، کور کمانڈر کے ہمراہ شہداء کے اہلخانہ سے ملاقات

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ پاکستان کا دفاع مضبوط ہاتھوں میں

**ہے پاکستان باوقار اور ناقابل تسخیر ملک ہے**

ریاست پاکستان اپنی آزادی اور خودمختاری پر کوئی سمجھوتہ نہیں کرتی اگر کسی نے مادر وطن کی جانب میلی آنکھ سے دیکھنے کی کوشش کی تو وہ آنکھ نکال دی جائے گی پاکستان نے بارہا ثابت کیا ہے کہ وہ نہ صرف امن کا خواہاں ہے بلکہ ہر جارحیت کا منہ توڑ جواب دینے کی بھرپور صلاحیت رکھتا ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے جمعہ کے روز یوم تشکر کی مناسبت سے منعقدہ عظیم الشان تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ تقریب میں صوبائی وزراء، پارلیمانی سیکرٹریز، اراکین اسمبلی، اعلیٰ سول و عسکری حکام اور شہداء کی فیملیز نے شرکت کی وزیراعلیٰ نے کہا کہ حالیہ دہشت گرد حملہ جو بھارت میں پاکستان کی سرحد سے سینکڑوں کلومیٹر دور ہوا اس کا الزام بغیر کسی تحقیق کے محض چند منٹوں میں پاکستان پر لگا دیا گیا پاکستان نے ایک ذمہ دار ریاست ہونے کے ناطے نہ صرف شفاف تحقیقات کی پیشکش کی بلکہ دیگر ممالک کو بھی اس عمل میں شامل کرنے کا عندیہ دیا مگر بھارت کے غرور اور تکبر نے ایک بار پھر جنگی جنون کا راستہ اپنایا انہوں نے کہا کہ بھارت نے رات کی تاریکی میں پاکستان پر حملے کی کوشش کی جس کا منہ توڑ جواب دیا گیا جیسے ایک اینکر نے کہا کہ حملے کے بعد بھارت سیز فائر کی منتیں کرتا پھر رہا تھا یہ ہماری عسکری تیاری، جذبہ ایمانی، اور قومی وحدت کا نتیجہ تھا کہ دشمن کو بھرپور جواب ملا وزیراعلیٰ نے کہا کہ پاکستان کی افواج ہر وقت وطن عزیز کے دفاع کے لیے تیار ہیں پوری قوم اپنے سپہ سالار اور افواج کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں اور دلیری پر فخر کرتی ہے بلوچستان کے عوام کی جانب سے میں پاک فوج کے سربراہ کو خراج تحسین پیش کرتا ہوں کہ جس حکمت عملی، جرات اور عزم کے ساتھ انہوں نے دشمن کو ناکام بنایا، وہ رہتی دنیا تک یاد رکھا جائے گا انہوں نے کہا کہ پاکستانی قوم ایک زندہ قوم ہے جو اپنے دفاع کو عبادت سمجھتی ہے آج ملک بھر میں یوم تشکر کی تقریبات اس بات کی دلیل ہیں کہ ہم اپنی فتح کو اجتماعی شعور اور قومی اتحاد سے مناتے ہیں وزیراعلیٰ نے کہا کہ ہم بارہا دنیا کو یہ پیغام دے چکے ہیں کہ پاکستان امن کا خواہاں ہے، ہم خطے میں استحکام چاہتے ہیں، لیکن اگر کوئی ہماری امن پسندی کو کمزوری سمجھتا ہے اور ہمارے صبر کا امتحان لینا چاہتا ہے، تو ہم پھر سے تیار ہیں۔ اسے ویسا ہی دندان شکن جواب ملے گا، جیسا پہلے ملا وزیراعلیٰ نے تقریب میں شرکت پر تمام معزز مہمانوں کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ یہ قومی اتحاد اور یکانگت کا عملی مظاہرہ ہے جو دشمن کو واضح پیغام دیتا ہے کہ پاکستان ایک مضبوط، متحد اور پرعزم ریاست ہے

کوئٹہ (یو این اے) کور کمانڈر 12 کور بلوچستان لیفٹیننٹ جنرل راحت نسیم احمد خان اور وزیراعلیٰ بلوچستان نے کوئٹہ میں وطن پر جان نچھاور کرنے والے شہدا لیفٹیننٹ منی اللہ اور میجر احمر رضا کے اہل خانہ سے ملاقات کی اور گہرے رنج و غم کا اظہار کیا۔ کمانڈر 12 کور نے شہدا کی جرات، بہادری اور قربانی کو زبردست الفاظ میں خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ لیفٹیننٹ منی اللہ اور میجر احمر رضا جیسے بہادر سپوتوں کی قربانیاں سنہری حروف میں لکھی جائیں گی۔ انہوں نے کہا کہ ایسے سپوتوں کی بدولت وطن محفوظ ہاتھوں میں ہے۔ وزیراعلیٰ بلوچستان نے بھی شہدا کے اہل خانہ سے تعزیت کرتے ہوئے کہا کہ مادر وطن کے لیے دی جانے والی یہ قربانیاں کبھی رائیگاں نہیں جائیں گی اور پوری قوم اپنے ان ہیروز پر فخر کرتی ہے۔



وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی یوم تشکر معرکہ حق کی مناسبت سے منعقدہ تقریب سے خطاب کر رہے ہیں



وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی سے ٹاؤن چیئرمین سوئی عزت اللہ بگٹی ملاقات کر رہے ہیں

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 12

Daily Qudrat Quetta

قدرت کوئٹہ

جلد 21 | 17 مئی 2025، 19 ذی القعد 1446ھ | شمارہ 38

# ...ستان ایک مضبوط اور متحد ریاست ہے، دشمن کی ہر جارحیت کا بھرپور جواب دیا جائے گا، سرفراز بگٹی

**...مضبوط ہاتھوں میں ہے پاکستان باوقار اور ناقابل تسخیر ملک ہے ریاست پاکستان اپنی آزادی اور خودمختاری پر کوئی سمجھوتہ نہیں کرتی اگر کسی نے مادر وطن کی جانب میلی آنکھ سے دیکھنے کی کوشش کی تو وہ آنکھ نکال دی جائے گی پاکستان نے بارہا ثابت کیا ہے کہ وہ نہ صرف امن کا خواہاں ہے**

**...ت کی تاریکی میں پاکستان پر حملے کی کوشش کی جس کا منہ توڑ جواب دیا گیا جیسے ایک اینکر نے کہا کہ حملے کے بعد بھارت سیز فائر کی منتیں کرتا پھر رہا تھا یہ ہماری عسکری تیاری، جذبہ ایمانی، اور قومی وحدت کا نتیجہ تھا کہ دشمن کو بھرپور جواب د...**

کوئٹہ (یو این اے) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ پاکستان کا دفاع مضبوط ہاتھوں میں ہے پاکستان باوقار اور ناقابل تسخیر ملک ہے ریاست پاکستان اپنی آزادی اور خودمختاری پر کوئی سمجھوتہ نہیں کرتی اگر کسی نے مادر وطن کی جانب میلی آنکھ سے دیکھنے کی کوشش کی تو وہ آنکھ نکال دی جائے گی پاکستان نے بارہا ثابت کیا ہے کہ وہ نہ صرف امن کا خواہاں ہے بلکہ ہر جارحیت کا منہ توڑ جواب دینے کی بھرپور صلاحیت رکھتا ہے ان خیالات کا اظہار انہوں (بقیہ 1 صفحہ 6 پر)

نے جمعہ کے روز یوم تشکر کی مناسبت سے منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ تقریب میں صوبائی وزراء، پارلیمانی سیکرٹریز، اراکین اسمبلی، اعلیٰ سول و عسکری حکام اور شہداء کی فیملیز نے شرکت کی وزیر اعلیٰ نے کہا کہ [illegible]

[illegible]



[illegible]



[illegible]

CLIPPING SERVICE

DIRECTOR… GENERAL OF… RELATIONS BA…

نظامت اعلی… حکومت…

Bullet No. 1

Page No. 13

DAILY ZAMANA

روزنامہ زمانہ کوئٹہ

بانی: سید فصیح اقبال — چیف ایڈیٹر: محمد حیدر امین — رجسٹرڈ نمبر بی سی - زیڈ 1

جلد 80 | ہفتہ 17 مئی 2025ء 19 ذیقعد 1446ھ | صفحات 6 | قیمت 20 روپے | شمارہ 135

مسلح افواج نے بھارت کو منہ توڑ جواب دیا ہے

# پاکستان کی طرف اب کوئی میلی آنکھ سے دیکھنے کی جرأت نہیں کرے گا

وزیراعلیٰ بلوچستان

آج کا دن پاکستانی اور خاص کر بلوچستان کے عوام کیلئے فخر کا دن ہے میں ایک بار پھر اس جنگ جیتنے پر سپہ سالار اور ان کی ٹیم کو مبارکباد پیش کرتا ہوں' میر سرفراز بگٹی

بلوچستان کی عوام کی طرف سے سپہ سالار کو خراج تحسین پیش کرتا ہوں پاکستانی قوم نے ثابت کیا ہے کہ ہم زندہ قوم ہیں دشمن کو ہمیشہ پیغام دینا ہے کہ ہم امن چاہتے ہیں

کوئٹہ (اے این این) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ ہماری حریف بھارت حملے سے پہلے بہت تکبر میں تھا اور جب اس نے رات کے اندھیرے میں پاکستان پر حملہ کرنے کی کوشش کی قوم کے شاہینوں نے ثابت کیا کہ پاکستان تر نوالہ نہیں انہوں نے ہوش کے ناخن لیتے ہوئے قوم اور تمام سول اور سیاسی قیادت کو اعتماد میں لینے کے بعد اپنا مقررہ وقت اور جگہ کا تعین کر کے بھرپور جواب دیا گیا بلوچستان کی عوام کی طرف سے سپہ سالار کو خراج تحسین پیش کرتا ہوں پاکستانی قوم نے ثابت کیا ہے کہ ہم زندہ قوم ہیں دشمن کو ہمیشہ پیغام دینا ہے کہ ہم امن چاہتے ہیں' ان خیالات کا اظہار انہوں نے وفاقی حکومت کی ہدایت پر پورے ملک کی طرح بلوچستان میں بھی یوم تشکر منانے کیلئے وزیراعلیٰ سیکرٹریٹ میں منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا تقریب میں چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر بلوچ' آئی جی پولیس معظم جان انصاری' صوبائی وزراء اراکین اسمبلی اور دیگر نے شرکت کی، وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا ہے کہ بلوچستان کی جانب سے ہماری شاہینوں اور خاص کر سپہ سالار جنرل عاصم منیر اور ان کے ٹیم کو مبارکباد پیش کرتا ہوں جنہوں نے ایسے ملک جو غرور سے بھرا ہوا تھا اور مذاکرات کے میز پر آنے کیلئے تیار تو کیا اس پر بات تک نہیں کرتے تھے لیکن جب اس نے حملہ کر دیا اور ہماری شاہینوں نے جواب دیتے ہوئے بھارت کے عوام کو نہیں بلکہ ان کے ملٹری کے اہم تنصیبات کو نشانہ بنا کر بدلہ لیا گیا اور پوری دنیاہ کو یہ پیغام دیا ہے کہ پاکستان ایک خود مختار اور طاقتور ملک ہے جس نے بھی پاکستان کی طرف ملی آنکھ سے دیکھنے کی کوشش کی تو اس کا حشر بھارت جیسا ہوگا انہوں نے کہا کہ آج ہم بطور قوم یوم تشکر منا رہے ہیں کیونکہ ہم نے یہ جنگ جیت لیا ہے اور اپنے ملک کی دفاع آنے والے وقت کیلئے بھی محفوظ کر دیا ہے انہوں نے کہا کہ پاکستانی قوم ایک پر امن اور جمہوری قوم ہے وہ اس خطے میں امن کے خواہاں ہے اور آج کا دن پاکستانی اور خاص کر بلوچستان کے عوام کیلئے فخر کا دن ہے میں ایک بار پھر اس جنگ جیتنے پر سپہ سالار اور ان کی ٹیم کو مبارکباد پیش کرتا ہوں۔



وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی رکن صوبائی اسمبلی میر زابد علی ریکی کو بسیمہ اور ماشکیل میونسپل کمیٹی کا درجہ دینے کا نوٹیفکیشن دے رہے ہیں

CLIPPING SERVICE

Daily FOUNDED BY SIDDIQ BALUCH

Balochistan Express

Quetta

Page No. 4

# Bugti hails armed forces, says Pakistan will respond decisively to any threat

**By Our Reporter**

QUETTA: Balochistan Chief Minister Sarfraz Ahmed Bugti has said that the Pakistan Air Force has proven that Pakistan is not an easy target for anyone. The entire nation is celebrating a Day of Gratitude, feeling proud of the bravery, sacrifice, and spirit of its defenders.

He expressed these views while addressing a ceremony held on Friday night at the Chief Minister's Secretariat in connection with the Day of Gratitude.

He paid tribute to the Chief of Army Staff General Asim Munir on behalf of the people of Balochistan, saying that if the enemy wants to test our strength again, they are welcome to try.

Chief Minister Bugti said that today is a day of pride and dignity for the Pakistani nation. Pakistanis are a vibrant, vigilant, and honorable people who know how to defend their homeland on every front. For decades, India has lived under the illusion of supremacy, believing no one can challenge it. Pakistan has always desired peace and wished to remain peace-loving, but if anyone casts an evil eye on our homeland, that eye will be gouged out.

He said India attempted a cowardly attack under the cover of darkness, but our armed forces gave a crushing response that left the enemy pleading for a ceasefire. Even French-made fighter jets were destroyed by our pilots, shattering the enemy's perceived superiority. There can be no compromise on Pakistan's sovereignty. The world must always understand that we seek peace, but we will never neglect our defense.

When the Pakistani nation was challenged, our falcons and the military leadership thwarted the enemy's aggression and made it clear to the world that Pakistan is not a soft target-it is a strong and resilient country. Our armed forces are fully capable of crushing the enemy at any time.

Chief Minister Sarfraz Ahmed Bugti, while paying tribute to the Army Chief General Asim Munir on behalf of the people of Balochistan, said that the nation stands with its defenders like a rock. He added that we want to send a clear message to the enemy on every platform: we desire peace, but if the enemy wishes to test our strength again, they are welcome to try-this time, the response will be even harsher and decisive.

Present at the occasion were provincial ministers Mir Muhammad Sadiq Umrani, Bakht Muhammad Kakar, Mir Shoaib Nosherwani, Raheela Hameed Khan Durrani, Sardar Kohiyar Khan Domki, Member of National Assembly Jamal Shah Kakar, Leader of the Opposition Mir Younis Aziz Zehri, Zafarullah Zehri, Zabid Ali Reki, Balochistan Chief Secretary Shakeel Qadir Khan, and IG Police Balochistan Moazzam Jah Ansari.

CLIPPING SERVICE


# Balochistan Times

92 NEWS MEDIA GROUP

balochistantimes.pk @balochistantimes.pk BTimes_

Regd No. B.C.6 VOL XLV No. 1101 QUETTA Saturday May 17, 2025 /Dhu'l-Qi'dah 19, 1446




QUETTA: Balochistan Chief Minister Mir Sarfraz Bugti attending a meeting of the Integrated Flood Release Balance & Adaptation Project under the chairmanship of Federal Planning Minister Ahsen Iqbal via video-link.

## CM Bugti, Corps Commander Quetta pay tribute to martyred officers' families

**Staff Report**

**QUETTA:** Commander 12 Corps Lieutenant General Rahat Naseem Ahmed Khan and the Chief Minister of Balochistan met the families of Lieutenant Safiullah Shaheed and Major Ahmer Raza Shaheed in Quetta and expressed their condolences. Lieutenant General Rahat Naseem Ahmed Khan said that we pay great tribute to the courage and bravery of Lieutenant Safiullah Shaheed and Major Ahmer Raza Shaheed. The sacrifice of Lieutenant Safiullah Shaheed and Major Ahmer Raza will be written in golden letters. The Chief Minister of Balochistan said that thanks to such brave sons, the homeland is in safe hands. The sacrifice of Lieutenant Safiullah Shaheed and Major Ahmer Raza for the motherland will never go in vain.

ملوثی سرگرمیاں

# CLIPPING SERVICE


DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 1 Dated: 17 MAY 2025 Page No. 16


## پاک افواج کا سبق بھارت رہتی دنیا تک یاد رکھے گا، علی حسن زہری

### نوجوانوں کو گمراہ کرنے والوں کو ناکامی کے سوا کچھ نہیں ملے گا، صوبائی وزیر کا بیان

کوئٹہ (پ ر) صدر مملکت آصف علی زرداری کے ترجمان/صوبائی وزیر زراعت وکوآپریٹو میر علی حسن زہری نے یوم تشکر پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ ہمیں فخر ہے کہ فوج کے ساتھ پوری قوم نے بھی دنیا کو دکھایا کہ ملکی سالمیت اور بقاء کی خاطر ہم سب ایک پیج پر ہیں فوج نے نہ صرف رات کے اندھیرے میں بزدل بھارت کے حملوں کو ناکام بنایا بلکہ وہ سبق سکھایا جسے بھارت رہتی دنیا تک یاد رکھے گا صوبائی وزیر نے کہا کہ جنگی ساز وسامان کی برتری اور طاقت کے نشے میں مست بھارت کا غرور خاک میں مل چکا ہے پاک آرمی، فضائیہ اور نیوی نے وطن کا بہترین دفاع کیا جس کا اعتراف بھارتی میڈیا اور امن پسند عوام کے ساتھ ساتھ دنیا نے برملا کیا اور مودی سرکار کو آڑے ہاتھوں لیا جس سے دنیا میں بھارت کی جگ ہنسائی ہو رہی ہے انہوں نے کہا کہ نام نہاد بلوچ حقوق کے نام پر دشمنوں کے ٹکڑوں پر پلنے والے مفاد پرست بزدل عناصر جان لیں کہ پاکستان رہتی دنیا تک قائم رہنے کے لئے قائم ہوا ہے اور وطن سے محبت کرنے والے عوام اور بہادر افواج دشمن عناصر کو کسی صورت کامیاب نہیں ہونے دیں گے۔ ذاتی مفادات کیلئے نوجوانوں کو گمراہ کرنے والوں کو ناکامی کے سوا کچھ نہیں ملے گا۔

## پاکستان دفاع میں خود کفیل پر امن ملک ہے، شعیب نوشیروانی

### آپریشن بنیان مرصوص ہماری قومی تاریخ کا روشن باب ہے، صوبائی وزیر

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر خزانہ ومعدنیات میر شعیب نوشیروانی نے کہا ہے کہ یوم تشکر دراصل اتحاد اور قربانی کی علامت ہے جس نے پاکستان کو ایک بار پھر ثابت قدم اور مضبوط قوم کے طور پر دنیا کے سامنے پیش کیا آپریشن "بنیان مرصوص" میں افواج پاکستان نے جس جرات، پیشہ ورانہ مہارت اور قربانی کا مظاہرہ کیا وہ ہماری قومی تاریخ کا روشن باب ہے قوم افواج پاکستان کی ان لازوال قربانیوں پر فخر کرتی ہے میر شعیب نوشیروانی نے کہا کہ وزیر اعظم شہباز شریف کی قیادت میں پوری قوم اور دفاعی اداروں نے یکجہتی اور عزم کے ساتھ دشمن کو ہر محاذ پر شکست دی۔ آج کا دن اس امر کی گواہی دیتا ہے کہ پاکستان نہ صرف اپنے دفاع میں مکمل خود کفیل ہے بلکہ امن کا خواہاں بھی ہے۔


MASHRIQ QUETTA


## جعفرآباد ترقی کی راہ پر گامزن ہو چکا، عبدالمجید بادینی

### غلیظ زبان استعمال کرنے والے غلام ہی رہیں گے، صوبائی وزیر ایس اینڈ جی اے ڈی

### ہم گالی کا جواب ترقیاتی سوچ وعمل سے دینا چاہتے ہیں، صحافیوں سے گفتگو

جعفرآباد (اے این این) صوبائی وزیر ایس اینڈ جی اے ڈی عبدالمجید بادینی نے کہا ہے کہ جعفرآباد ترقی کی راہ پر گامزن ہو چکا ہے مخالفین کی چیخ وپکار سے پتہ چلتا ہے کہ ہم کامیابی کی طرف گامزن ہیں ہم گالی کا جواب گالی سے نہیں بلکہ ترقیاتی سوچ اور عمل سے دینا ......... 

بقیہ 54 صفحہ نمبر 7 پر

چاہتے ہیں غلیظ زبان استعمال کرنے والے بھوتاروں کے غلام ہیں جعفرآباد کو ترقی سے کوئی طاقت نہیں روک سکتی ہمارے ترقیاتی عمل نے مخالفین کو ذہنی مریض بنا دیا ہماری جنگ ذہنی مریضوں سے نہیں بلکہ ضلع کی پسماندگی سے ہے ان شاء اللہ یہ جنگ ہم جیت کر ہی رہیں گے ہم نے دو تحصیلوں گنڈل فارم اور حفیظ آباد کے لئے قرارداد پیش کی ہے اسمبلی ممبران کا مشکور ہوں جنہوں نے منظوری دی ہے مخالفین ہزار رکاوٹیں کھڑی کریں انشاء اللہ مخالفین کو ناکامی ہوگی اور ہمارا ضلع ترقی یافتہ ضلع بن جائے گا

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 7

Dated: 17 MAY 2025 Page No. 20

## بسیمہ وماشکیل کو میونسپل کمیٹی کا درجہ دینے کا نوٹیفکیشن میر زابد علی ریکی کے حوالے

### بسیمہ و ماشکیل کو میونسپل کمیٹی کا درجہ دلانا ہمارا دیرینہ خواب جو آج پورا ہوا؛ ایم پی اے

کوئٹہ (این این آئی) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز خان بگٹی کا دورہ واشک کے دوران اعلانات پر عمل درآمد، بسیمہ اور ماشکیل کو میونسپل کمیٹی کا درجہ دلانے کا نوٹیفکیشن ایم پی اے و خادم واشک حاجی میر زابد علی ریکی کے حوالے کر دیا ایم پی اے و خادم واشک حاجی میر زابد علی ریکی نے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز خان بگٹی کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا ہے کہ وزیراعلیٰ ......... بقیہ 72 صفحہ نمبر 7 پر

بلوچستان نے واشک کا دورہ کر کے اسکی پسماندگی کو دیکھا اور واشک میں منعقدہ جلسے میں جو اعلانات کئے ان پر فوری عمل درآمد کا سلسلہ شروع کر دیا بسیمہ اور ماشکیل کو میونسپل کمیٹی کا درجہ دلانے کا نوٹیفکیشن اسی سلسلے کی کڑی ہے ہم امید رکھتے ہیں کہ وزیراعلیٰ بلوچستان کے دیگر اعلانات پر بھی اسی طرح ہی عملدرآمد ہوگا

## ضلعی انتظامیہ کوئٹہ کی جانب سے معصوم شہداء وطن کے اعزاز میں کیمپ قائم

### کیمپ میں مختلف مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے افراد کی آمد تصاویر پر پھول نچھاور اور خصوصی دعائیں

### سول سوسائٹی نمائندگان، پولیس اہلکاروں و دیگر معززین کی طرف سے شہداء کو سلامی پیش

کوئٹہ (خ ن) ضلعی انتظامیہ کی جانب سے یوم تشکر کے سلسلے میں معصوم شہداء وطن کے اعزاز میں ایک خصوصی کیمپ اسمبلی چوک پر قائم کیا گیا۔ اس کیمپ میں مختلف مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے افراد نے بھرپور شرکت کی اور شہداء کی تصاویر پر پھول نچھاور کر کے دعائیں کیں شرکاء نے وطن کے ان معصوم فرزندوں کو خراجِ عقیدت پیش کیا جنہوں نے دہشت ......... بقیہ 81 صفحہ نمبر 7 پر

گردی کا نشانہ بن کر قوم کو متحد کرنے میں اپنا کردار ادا کیا۔ اس موقع پر سول سوسائٹی کے نمائندگان، پولیس اہلکاروں اور دیگر معززین نے شہداء کو سلامی دی اور یادگار پر پھول چڑھائے۔ تقریب میں بچوں کی بڑی تعداد نے بھی شرکت کی، جنہوں نے نہ صرف شہداء کی تصاویر پر پھول چڑھائے بلکہ ملک کی سلامتی اور شہداء کے درجات کی بلندی کے لئے دعائیں بھی کیں۔

INTEKHAB QUETTA

## بلوچستان بجٹ، سرکاری ملازمین کی تنخواہوں میں اضافہ وفاق طرز پر ہونے کا امکان

### آئندہ مالی سال کا بجٹ 20 جون کو پیش کیے جانے کا امکان ہے، جبکہ بجٹ کا مجموعی حجم 10 کھرب روپے سے زائد ہوگا۔ ذرائع

### غیر ترقیاتی بجٹ 800 ارب اور صوبائی پی ایس ڈی پی کے 250 ارب تک ہونے کا امکان ہے۔ محکمہ تعلیم کے لیے 170 ارب جب کہ صحت اور امن وامان کے لیے 100 ارب روپے رکھے جائیں گے

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان کے آئندہ مالی سال 2025-26 کے بجٹ تیاریاں شروع کر دی گئی ہیں۔ محکمہ خزانہ بلوچستان کے ذرائع کے مطابق آئندہ مالی سال کا بجٹ 20 جون کو پیش کیے جانے کا امکان ہے، جبکہ بجٹ کا مجموعی حجم 10 کھرب روپے سے زائد ہوگا۔ ذرائع کا بتانا ہے کہ آئندہ مالی سال کا غیر ترقیاتی بجٹ 800 ارب اور صوبائی پی ایس ڈی پی کے 250 ارب تک ہونے کا امکان ہے۔ محکمہ تعلیم کے لیے 170 ارب جب کہ صحت اور امن وامان کے لیے 100 ارب روپے رکھے جائیں گے۔ صوبے کے سرکاری ملازمین کی تنخواہوں میں اضافہ وفاق کی طرز پر کیا جائے گا۔ ذرائع کا مزید بتانا بقیہ نمبر 18 صفحہ 5 پر

ہے کہ بجٹ میں تعلیم اور صحت کو ولیم ترجیح دی جائے گی۔ بجٹ کی تیاری کے لیے محکمہ خزانہ نے 12 ماہرین کی خدمات کنٹریکٹ پر حاصل کی ہیں۔ حکومت آئندہ مالی سال کے بجٹ کو مثالی قرار دے رہی ہے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 2 Dated: 17 MAY 2025 Page No. 22

# معرکہ حق میں تاریخی فتح، بلوچستان سمیت ملک بھر میں یوم تشکر ملی و قومی جوش و جذبے سے منایا گیا، پاک فوج کو زبردست خراج تحسین

دن کا آغاز قرآن خوانی اور پاکستان کی سلامتی اور بقا کیلئے خصوصی دعاؤں سے ہوا، وفاقی دارالحکومت میں 31 اور صوبائی دارالحکومتوں میں 21، 21 توپوں کی سلامی دی گئی

آپریشن بنیان مرصوص کے شہدا کو خراج عقیدت پیش کرنے کے لیے لواحقین سے خصوصی ملاقاتیں، نماز جمعہ میں بھی پاکستان کی سلامتی اور خوشحالی کے لیے خصوصی دعاؤں کا اہتمام

کوئٹہ میں ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہر اللہ کی زیر قیادت، پاکستان مرکزی مسلم لیگ اور تحریک نفاذ فقہ جعفریہ بلوچستان کے زیر اہتمام ریلیاں، جوانان مارخور اتحاد کا پریس کلب کے سامنے مظاہرہ

اسلام آباد (زاہد احمد خان) آپریشن "بنیان مرصوص" میں دشمن کی عددی برتری کو عسکری مہارت سے شکست دینے اور معرکہ حق میں تاریخی فتح پر ملک بھر میں.........

بقیہ 17 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) یوم تشکر کے موقع پر ضلعی انتظامیہ کوئٹہ کے زیر اہتمام ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہر اللہ کی قیادت میں ریلی نکالی گئی جو ڈپٹی کمشنر کمپلیکس کوئٹہ سے روانہ ہوئی.........

بقیہ 18 صفحہ نمبر 7 پر

جس میں ضلعی آفیسران، سرکاری اہلکاران، سوسائٹی کے نمائندے، اور طلبا کی بڑی تعداد شریک تھی ریلی کے شرکاء نے افواج پاکستان کو خراجِ تحسین پیش کرتے ہوئے ان کی قربانیوں کو سراہا۔ ریلی کے دوران شرکا نے قومی پرچم تھامے ہوئے تھے اور وطن سے محبت کے نعرے لگائے، اور قومی یکجہتی کا پیغام عام کیا۔ شرکا کا کہنا تھا کہ ملکی ترقی و سلامتی میں تمام اداروں اور عوام کا کردار نہایت اہم ہے اور اس اتحاد کو مزید مضبوط بنانے کی ضرورت ہے۔ ریلی کا مقصد ملک میں استحکام، امن و امان، اور ترقی کے لیے کی جانے والی کوششوں پر اظہارِ تشکر کرنا تھا۔ دریں اثناء جوانان مارخور اتحاد کے زیر اہتمام بھارتی جارحیت کے خلاف اور افواج پاکستان کی جانب سے ازلی دشمن کو منہ توڑ جواب دیتے ہوئے اس کا غرور خاک میں ملانے کے حق میں میٹرو پولیٹن کارپوریشن اور میکانگی روڈ سے ریلی نکالی گئی جو کوئٹہ پریس کلب کے سامنے پہنچ کر احتجاجی مظاہرے کی شکل اختیار کر گئی مظاہرے اور ریلیوں کی قیادت سردار امین اللہ، بلال خان بڑیچ، غفار بادینی اور دیگر کر رہے تھے مظاہرین نے بینرز، پلے کارڈ اٹھا رکھے تھے جن پر افواج پاکستان کے حق میں نعرے درج تھے اور شرکاء نے سبز ہلالی پرچم تھامے ہوئے تھے مظاہرین نے مودی کی تصویر اور بھارتی ترنگے کو نذر آتش کیا مظاہرین سے خطاب کرتے ہوئے مقررین نے کہا کہ افواج پاکستان نے جس جواں مردی اور دلیری اور بہادری سے دشمن کی جارحیت کا منہ توڑ جواب دیکر اس کے جہازوں کو اس کی سرزمین پر خاک میں ملایا

# ایف سی کے تحت یوم تشکر پر تقریبات، افواج پاکستان نے بھارت کا غرور خاک میں ملا دیا، میجر جنرل عابد مظہر، میجر جنرل بلال سرفراز

میڈیا جدید دور میں ایک موثر ہتھیار جس کے ذریعے معاشرے کی مثبت سمت میں رہنمائی ممکن ہے' آئی جی ایف سی نارتھ

نوجوان نسل کو سازشی نظریات، جھوٹی خبروں و دشمن کے پروپیگنڈوں سے باخبر رہنا چاہئے' کوہلو میں میڈیا ورکشاپ کی اختتامی تقریب سے خطاب

ہیڈکوارٹر ایف سی (ساؤتھ) تربت میں یوم تشکر کی تقریب، میجر جنرل بلال سرفراز خان نے یادگار شہداء پر پھولوں کی چادر چڑھائی اور فاتحہ خوانی کی

کوہلو (یو این اے) آئی جی ایف سی نارتھ کا ایک روزہ دورہ کوہلو، قبائلی عمائدین سے ملاقات اور میڈیا ورکشاپ.........

بقیہ 10 صفحہ نمبر 7 پر

کے شرکاء میں اسناد تقسیم بھارت و پاکستان کے حالیہ تناؤ پر تفصیلی گفتگو، نوجوانوں کو مثبت کردار ادا کرنے کی تلقین انسپکٹر جنرل فرنٹیئر کور بلوچستان (نارتھ) میجر جنرل عابد مظہر ایک روزہ دورے پر کوہلو پہنچے جہاں انہوں نے قبائلی عمائدین سماجی رہنماؤں، ضلعی انتظامیہ اور میڈیا ورکشاپ میں شریک نوجوانوں سے ملاقات کی اس دورے کا مقصد علاقے میں قیام امن، ترقیاتی اقدامات، سول سوسائٹی سے روابط اور نوجوانوں کی رہنمائی پر مبنی سرگرمیوں کا جائزہ لینا تھا آئی جی ایف سی نے کوہلو میں منعقدہ دو روزہ میڈیا ورکشاپ کی اختتامی تقریب میں شرکت کی، جہاں انہوں نے ورکشاپ کے شرکاء میں اسناد تقسیم کیں تقریب میں قبائلی عمائدین، مقامی صحافیوں، نوجوانوں، طلباء اور فیکلٹی ممبرز کی بڑی تعداد شریک تھی اپنے خطاب کے دوران آئی جی ایف سی نے میڈیا ورکشاپ کی اہمیت پر روشنی ڈالی اور کہا کہ جدید دور میں میڈیا ایک موثر ہتھیار جس کے ذریعے معاشرے کی مثبت سمت میں رہنمائی ممکن ہے

سیاسی جماعتیں

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 3 Dated 17 MAY 2025 Page No. 23

## جمال رئیسانی کی وفاقی وزیر نوابزادہ خالد مگسی سے ملاقات

**سیاسی امور پر بھی تبادلہ خیال، میر جام کمال عامر مگسی اور ملک عادل بازئی بھی موجود**

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما ورکن قومی اسمبلی نوابزادہ جمال خان رئیسانی، وفاقی وزیر برائے سائنس وٹیکنالوجی نوابزادہ میر خالد مگسی ......... بقیہ 26 صفحہ نمبر 7 پر

سے ان کے دفتر میں ملاقات کی۔ اس موقع پر وفاقی وزیر برائے تجارت میر جام کمال خان، اراکین قومی اسمبلی نوابزادہ میر عامر خان مگسی اور ملک عادل بازئی بھی موجود تھے۔ ملاقات میں سیاسی صورتحال سمیت دیگر امور پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا

## ملین مارچ کی کامیابی پر عوام و کارکنان کے مشکور ہیں' مولانا عبدالواسع

**انصارالاسلام کے باہمت جوانوں نے نظم وضبط کی اعلیٰ مثال قائم کی صوبائی امیر جمعیت**

**فول پروف سیکورٹی پر حکومت وضلعی انتظامیہ کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں' سینیٹر**

کوئٹہ (آن لائن) صوبائی امیر جمعیت علماء اسلام بلوچستان سینیٹر مولانا عبدالواسع نے دفاع پاکستان و اسرائیل مردہ باد ملین مارچ کی عظیم الشان، مثالی اور تاریخی کامیابی پر پوری جماعت کو دلی مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ مرکزی وصوبائی قیادت کی انتھک محنت، موثر حکمت عملی اور بصیرت افروز قیادت کو سلام پیش کرتے ہیں شعبہ نشرواشاعت کی منظم منصوبہ ......... بقیہ 47 صفحہ نمبر 7 پر

بندی اور اعلیٰ معیار اسٹیج مینجمنٹ لائق تحسین ہے ڈیجیٹل میڈیا ٹیم کی تخلیقی صلاحیت، باہمی ہم آہنگی اور دن رات جاری رہنے والی انتھک محنت کو داد تحسین پیش کرتے ہیں انہوں نے مزید کہا کہ انصارالاسلام کے باہمت اور مخلص جوانوں نے گرمی، ہجوم اور تھکن کو پس پشت ڈال کر نظم وضبط کی شاندار مثال قائم کی کارکنان دن رات جلسے کی تیاریوں میں مصروف رہے ہر چہرے پر عزم و یقین کی جھلک نمایاں تھی، ملین مارچ میں شرکت پر تمام کارکنان اور عوام کا شکریہ ادا کرتے ہیں

## کوئٹہ کے عوام کو کسی شعبے میں سہولیات میسر نہیں' پشتونخوامیپ

**شہر پر فارم 47 کے نمائندے مسلط ہر طرف لوٹ کھسوٹ کا بازار گرم ہے' عبدالقہار خان ودان**

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے رہنماؤں نے کہا ہے کہ قومی اہداف کا حصول منظم تنظیم ہی کے ذریعے ممکن ہے، پارٹی کے ہر سطح پر تنظیمی ڈھانچے کو مضبوط وفعال بنانے کیلئے کارکنوں نے محنت کرنی ہوگی، سوشل میڈیا کا درست استعمال ضروری ہے، پارٹی کے پروگرام کو ہر گھر تک باسانی پہنچایا جاسکتا ہے، پارٹی کارکن سوشل میڈیا پر غیر ضروری توانائی اور وقت ......... بقیہ 45 صفحہ نمبر 7 پر

ضائع کرنے کی بجائے حقیقی جدوجہد پر توجہ مرکوز رکھیں، کوئٹہ شہر مسائلستان بن چکا ہے، کسی بھی شعبے میں عوام کو سہولیات میسر نہیں، گیس، بجلی، پینے کے صاف پانی، تعلیم، صحت اور بالخصوص عوام کو روزگار سے محروم رکھا گیا ہے کوئٹہ شہر پر فارم 47 کے نمائندوں کو مسلط کرکے ہر طرف لوٹ کھسوٹ، کرپشن، کمیشن، اقرباء پروری، میرٹ کی پامالی جاری اور پشتون عوام کے حقوق کی سوداگری کے لئے انہیں اسمبلی میں بٹھایا گیا ہے

AZADI QUETTA

## پشتون افغان ملت کو متحد کرکے حقوق کی جنگ لڑیں گے' پی کے میپ

**پارٹی کے اہم آئینی ادارے قومی جرگے قومی کونسل کے اجلاس کا انعقاد پارٹی کے تمام کارکنوں کیلئے خوشحالی اور پارٹی جدوجہد کیلئے تقویت کا باعث ہوگا**

**جن پارٹیوں میں اداروں کی فعالیت منجمد ہوجاتی ہے تو وہ پارٹیاں ہر سطح پر عوام سے کٹ جاتی ہے، مختار خان یوسفزئی**

کوئٹہ (این این آئی) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے شریک چیئرمین مختار خان یوسفزئی نے کہا ہے کہ پارٹی کے اہم آئینی ادارے قومی جرگے (قومی کونسل) کے اجلاس کا انعقاد پارٹی کے تمام کارکنوں کیلئے خوشحالی اور پارٹی جدوجہد کیلئے تقویت کا باعث ہوگا، پارٹی قیادت اپنے غیور ملت کے ساتھ کیئے گئے وعدوں کو نبھاتے ہوئے واضح نظریات، منظم تنظیم، مکمل جمہوری اصولوں پر کاربند رہتے ہوئے پارٹی (بقیہ نمبر 47 صفحہ نمبر 7 پر)

کے تمام اداروں کی بروقت اجلاسوں کے انعقاد اور ان کی فعالیت کو یقینی بنائے گی، وہ آج کوئٹہ پہنچنے پر کارکنوں سے بات چیت کررہے تھے۔ انہوں نے کہا کہ جو وطن دوست، عوام دوست، ترقی پسند، سیاسی جمہوری پارٹیاں استعماری بالادستی اور استحصال کی بنیاد پر قائم نظام کو بدلنے اور اپنے ملت اور عوام کو قومی آزادی، قومی خودمختیاری اور تمام عوام کو ہر شعبہ زندگی میں سماجی انصاف پر مبنی نظام قائم کرنیکیلئے جدوجہد کرتی ہے اس پارٹی کیلئے واضح نظریات، منظم فعال تنظیم کی بنیاد پر جدوجہد ضروری ہے اور منظم فعال تنظیم کی بنیاد پارٹی اداروں کے بروقت اجلاسوں اور فعالیت سے مربوط ہیکیونکہ پارٹی اداروں کی بروقت اجلاسوں کے انعقاد جمہوری اصولوں کی بنیاد پر ان میں فیصلے کرنے سے ہی پارٹی تنظیم مزید مضبوط، فعال اور سرگرم رہتی ہے پارٹی عہدیداروں اور کارکنوں کو اپنے نظریات، خیالات اور تجاویز پارٹی کے تمام اداروں تک پہنچانے کا موقع ملتا ہے اور عوام کے صفوں میں رہنے والے ان عہدیداروں اور کارکنوں کے وژن کے باعث پارٹی قیادت کو بروقت صحیح اور دوررس فیصلے کرنے میں آسانی رہتی ہے اور جن پارٹیوں میں اداروں کی فعالیت منجمد ہوجاتی ہے تو وہ پارٹیاں ہر سطح پر عوام سے کٹ جاتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہمیں اپنے غیور عوام کی اپنے محبوب وطن سے بھرپور محبت، وطن دوستی، اخلاص اور پشتون قومی سیاسی تحریک کو حاصل ان کی تائید وحمایت پر پورا یقین ہے ہم اپنے پارٹی عہدیداروں اور کارکنوں کے ذریعے اپنے عوام کے خیالات، تجاویز اور مسائل سے آگاہی حاصل کرتے ہیں اور اس آگاہی کے نتیجے میں پشتون افغان ملت کو درپیش سنگین اور اذیت ناک صورتحال سے نجات کیلئے قابل عمل فیصلے کرینگے۔

**CLIPPING SERVICE**

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 3 Dated 17 MAY 2025 Page No. 24


## خضدار: لیویز چیک پوسٹ پر مسلح افراد کی فائرنگ، 4 اہلکار شہید

**صمند چیک پوسٹ کو نشانہ بنایا گیا، ملزمان کی گرفتاری کیلئے علاقے کی ناکہ بندی**

خضدار (نامہ نگار) نال روڈ پر واقعہ صمند لیویز چیک پوسٹ پر نامعلوم مسلح افراد کی فائرنگ سے چار لیویز اہلکار شہید ہو گئے۔ تفصیلات کے مطابق جمعہ کی شب صمند لیویز چیک پوسٹ پر نامعلوم مسلح افراد نے اندھا دھند فائرنگ کردی جس کے نتیجے میں چار لیویز اہلکار موقع پر شہید ہو گئے۔ ڈپٹی کمشنر خضدار یاسر اقبال دشتی کے مطابق ملزمان کی گرفتاری کے لئے علاقے کی ناکہ بندی کردی گئی ہے شہید ہونے والے لیویز اہلکاروں میں مقبول احمد خدا بخش اعجاز احمد اور محمد علی شامل ہیں۔

INTEKHAB QUETTA

## نال میں لیویز چیک پوسٹ پر حملہ، 4 اہلکار جاں بحق

**لاشیں ہسپتال منتقل کی گئیں، جاں بحق ہونیوالوں میں خدا بخش، مقبول، اعجاز احمد، محمد علی شامل**

کوئٹہ (آن لائن) نال لیویز چیک پوسٹ پر نامعلوم ملزمان نے حملہ کرکے 4 لیویز اہلکاروں کو جاں بحق کردیا ذرائع کے مطابق گزشتہ شب خضدار نال سی پیک روڈ پر صمند لیویز چیک پوسٹ پر نامعلوم مسلح افراد نے حملہ کردیا جس کے نتیجے میں 4 لیویز اہلکار مقبول، خدا بخش، اعجاز احمد، محمد علی موقع پر جاں بحق ہو گئے ملزمان موقع سے فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے واقع کی اطلاع ملتے ہی مقامی انتظامیہ اور سیکورٹی فورسز کی ٹیمیں موقع پر پہنچ گئیں علاقے کو گھیرے میں لے لیا۔

## خاران میں نامعلوم افراد نے فائرنگ کرکے ہندو نوجوان کو قتل کردیا

**واردات کے بعد ملزمان موقع سے فرار، نعش ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے**

کوئٹہ (آن لائن) خاران میں نامعلوم افراد نے فائرنگ کرکے ہندو نوجوان کو قتل کردیا تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز خاران میں سبزی منڈی کے قریب نامعلوم مسلح افراد نے فائرنگ کرکے ہندو نوجوان لعل داس کو قتل کردیا اور فرار ہو گئے نعش ہسپتال منتقل کردی گئی نعش ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے کردی گئی مزید کارروائی خاران انتظامیہ کررہی ہے۔

## کوئٹہ کے علاقے کلی ملاخیل میں ایک شخص نے فائرنگ کرکے اپنی بھابی کو قتل کردیا

**مقتولہ کی نعش ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے، مقدمہ درج، ملزم کی تلاش**

کوئٹہ (آن لائن) کوئٹہ کے علاقے کلی ملاخیل میں ایک شخص نے فائرنگ کرکے اپنی بھابی کو قتل کردیا پولیس کے مطابق گزشتہ روز کلی ملاخیل سے ایک خاتون کی نعش ہسپتال لائی گئی اور بتایا جارہا تھا کہ اس کے خودکشی کی ہے واقع کی اطلاع ملنے پر پولیس ہسپتال پہنچ گئی اور تحقیقات اور پوسٹ مارٹم کے بعد خاتون کو قتل کرنے کی تصدیق ہوگئی اور پولیس نے مقدمہ درج کرکے ملزم کی گرفتاری کی کوششیں شروع کردی نعش ضروری کاروائی کے بعد ورثا کر حوالے کردی گئی۔

## ڈسٹرکٹ پولیس اوستہ محمد کی کاروائی تین مسروقہ موٹرسائیکل برآمد دو ملزم گرفتار

اوستہ محمد (آن لائن) ڈسٹرکٹ پولیس اوستہ محمد کی کاروائی تین عدد ڈکیتی شدہ موٹر سائیکل برآمد دو ملزم گرفتار تفصیلات کے مطابق ایس پی اوستہ محمد حسنین وارث کی ہدایات اور ڈی ایس پی سرکل اوستہ محمد امجد علی جمالی کی نگرانی میں ایس ایچ او غازی عبدالرف جمالی کی محمد آصف سیال طارق مگسی و دیگر پولیس ملازمان کے ہمراہ اہم کاروائی تین

بقیہ نمبر 29 صفحہ 5 پر

عدد ڈکیتی شدہ موٹر سائیکل دو ملزم گرفتار -1 علی گوہر المعروف لوٹو ولد محمد صلاح قوم بلیدی کیس نمبر 92/25، پولیس اسٹیشن سٹی استہ محمد دفعہ 392 راہزنی کے تحت گرفتار -2 اختیار ولد یار محمد ذات سیاپاد رند کیس نمبر 27/25، دفعہ 392 ) راہزنی، پولیس اسٹیشن منجھو شوری، نصیر آباد تین موٹر سائیکلیں برآمد ہوئیں -1 چاننا ہائی اسپیڈ 2008 ماڈل -2 چاننا ہائی اسپیڈ 202 ماڈل -3 سی ڈی (2018) 70 ماڈل مزید کاروائی سٹی پولیس اوستہ محمد کررہی ہے۔

## خضدار پولیس کی کارروائیاں، 5 ملزمان گرفتار، گاڑی ومنشیات برآمد

خضدار (بیورورپورٹ) خضدار پولیس کی یکے بعد دیگرے کامیاب کاروائیاں مختلف مقامات سے رنگے ہاتھوں پانچ ملزمان گرفتار تفصیلات کے مطابق سینئر سپریڈنٹ آف پولیس جاوید زہری کی ہدایت پر ڈی ایس پی محمد زمان پندرانی کی زیر نگرانی میں ایس ایچ او سٹی بھاول خان پندرانی، ایس آئی عبدالحق نوتانی، اے ایس آئی عبدالصمد مینگل نے پولیس ٹیم کیساتھ جرائم پیشہ افراد کے خلاف کامیاب

بقیہ نمبر 30 صفحہ 5 پر

کاروائیوں کا سلسلہ جاری رکھتے ہوئے ملزم عمران کو گرفتار کرکے اسکے قبضے سے بھاری مقدار میں منشیات برآمد کرکے مقدمہ نمبر 87/025 بجرم 9(1)3b درج کرکے کاروائی شروع کردی دوسری کاروائی میں ڈکیتی و چوری میں ملوث اللہ داد کو گرفتار کرکے موٹر سائیکل برآمد کرکے مقدمہ نمبر 85/025 بجرم 392 درج کرکے کاروائی شروع کردی تیسری کاروائی میں کراچی سے چوری شدہ گاڑی برآمد کرکے دو ملزمان محمد یوسف اور علی نواز کو گرفتار کرکے مقدمہ نمبر 88/025 بجرم 412 درج کردی چوتھی کاروائی میں مفرور ملزم عبدالواحد کو مقدمہ نمبر 43/25 بجرم 394-506 میں گرفتار کرکے کاروائی شروع کردی۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: INTEKHAB QUETTA

Bullet No. 5

Dated: 17 MAY 2025 Page No. 25

## بلوچستان میں پبلک ٹرانسپورٹ بند کرنے کا اعلان

آل بلوچستان ٹرانسپورٹرز ایکشن کمیٹی اور آل کوئٹہ کراچی کوچز یونین نے 16 مئی سے غیر معینہ مدت کے لیے صوبہ بھر میں پبلک ٹرانسپورٹ بند کرنے اور خضدار کینٹ کے سامنے احتجاجی دھرنے کا اعلان کر دیا ہے۔ احتجاج کا مقصد سیکیورٹی اداروں کے مبینہ ناروا سلوک، بلا جواز چیکنگ اور عملے کے ساتھ بدتمیزی کے خلاف آواز بلند کرنا ہے۔ ساتھ ہی بلوچستان بھر میں بین الصوبائی اور بین الاضلاعی کوچز اور بسیں مکمل بند رہیں گی جبکہ کوئٹہ، کراچی سمیت تمام بڑے شہروں میں کوچ کمپنیوں کے دفاتر احتجاجاً بند کر کے تالے لگا دیے جائیں گے۔ چیک پوسٹوں پر کوچز اور عملے کے ساتھ مسلسل بدسلوکی اور تاخیر معمول بن چکی ہے۔

وفاقی اور صوبائی حکومت کو اس حوالے سے فوری طور پر اقدامات کرنے کی ضرورت ہے، یہ آئے روز کا معمول بن گیا ہے کہ سرکاری اور ریاستی اداروں کے ملازمین جو کہ نوکر ہیں عوام کے، انہیں عوام کو سہولیات پہنچانے اور ان کے تحفظ کے لیے رکھا گیا ہے، عوام کے ٹیکسوں سے ان کے گھروں کا چولہا جلتا ہے، بجائے عوام کو تحفظ اور سہولیات پہنچانے کے یہی سیکیورٹی ادارے کے اہلکار اور افسران عوام کو ہی ڈرانے دھمکانے اور ان سے بھتے وصول کرنے میں مصروف نظر آتے ہیں۔ کسی بھی صوبے میں اب سیکیورٹی اداروں کے اہلکاروں کی جانب سے عوام کے جان و مال کے تحفظ کے لیے اقدامات کے بجائے ان کو لوٹنے کے اقدامات کیے جاتے ہیں جو کسی طور قابل برداشت اور نظر انداز نہیں ہیں۔ ان مسائل کا دونوں حکومتوں کو مل کر اور فوری تدارک کرنے کی ضرورت ہے، گزشتہ 77 برسوں سے ہمارے ریاستی اداروں کے اہلکاروں نے اپنے فرائض انجام دینے کے بجائے عوام کو ہی نقصان پہنچایا ہے، اگر یہ اپنے فرائض احسن طریقے سے انجام دیتے تو آج ملک کی یہ حالت نہ ہوتی، چوری، رہزنی، بھتہ خوری، زمینوں پر قبضے اور قتل و غارت گری معمول بن چکی ہے اور ہمارے ریاستی اداروں کے اہلکاروں عوام کو ہی تنگ کرنے میں مصروف ہیں۔

ٹرانسپورٹر حضرات سندھ اور بلوچستان میں خاص طور پر دہری تکالیف جھیل رہے ہیں، ایک جانب سڑکوں کو برا حال ہے، سندھ اور بلوچستان کو چھوڑ کر پورے پاکستان میں موٹر وے کا جال بچھا ہوا ہے اور یہاں ہائی وے کی سڑکوں کا بھی برا حال ہے، اس کے ساتھ ہی سیکیورٹی کے معاملات بھی انتہائی خراب ہیں، آئے روز ڈاکو مسافروں اور کوچ کے عملے کو لوٹ لیتے ہیں، اس پر مزید ظلم یہ ہے سیکیورٹی ادارے بھی عوام کو ہی تنگ کرنے اور گھنٹوں ذلیل و رسوا کرنے میں لگے رہتے ہیں۔ چیکنگ کے بہانے بسوں کی لمبی قطاریں لگا دی جاتی ہیں اور اس شدید گرمی کے عالم میں بھی شہری گھنٹوں اپنی باری آنے کا انتظار کرتے ہیں، ان کا وقت ضائع کرنے کے ساتھ ساتھ سیکیورٹی اہلکاران سے بدتمیزی الگ کرتے ہیں۔ ان کی ہتک اور ان پر رعب جمانا معمول بن گیا ہے۔ اس کا روک تھام ہونا چاہیے، سیکیورٹی اہلکاروں کو معلوم ہونا چاہیے کہ وہ عوام کے خادم ہیں آقا نہیں ہیں اور یہ احساس انہیں حکومت اور اداروں کے سربراہان نے دلانا ہے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Time Quetta

Bullet No. 5

Dated: 17 MAY 2025

Page No. 28

# Milk adulteration in Balochistan

Quetta and other parts of Balochistan are facing a silent health crisis. Reliable sources have revealed a deeply concerning and unacceptable practice: the widespread adulteration of milk sold to the public. Unscrupulous milk shop owners, operating with apparent impunity, are reportedly mixing dangerous powders and chemicals into this essential food staple, jeopardizing the health and well-being of countless individuals. This criminal enterprise, driven by greed, is nothing short of a betrayal of public trust and demands immediate and forceful intervention. Milk, a cornerstone of nutrition for people of all ages, is being systematically contaminated. The adulterants allegedly being used, including powders and unspecified chemicals, pose grave risks to human health. These substances can lead to a range of illnesses, from gastrointestinal disorders and liver damage to potentially long-term and debilitating conditions. Children, the elderly, and those with compromised immune systems are particularly vulnerable to the harmful effects of consuming such adulterated milk. The very source of nourishment is being turned into a conduit for disease. What is even more alarming is the apparent inaction of the Balochistan Food Authority (BFA) in the face of this serious threat. The BFA, the very body mandated to safeguard the food supply and protect consumers from such malpractices, is seemingly failing to exercise its authority effectively. While recent reports indicate some raids and fines imposed by the BFA, the continued prevalence of adulterated milk suggests that these actions are either insufficient in scale or lack the stringent follow-through required to deter these criminals. The authority must demonstrate a robust and unwavering commitment to eradicating this menace. The responsibility to protect the masses from all forms of adulteration rests squarely with the government and its organizations. It is their fundamental duty to ensure that the food consumed by the citizens is safe and wholesome. The reported negligence in addressing the adulteration of milk is a dereliction of this duty, leaving the populace exposed to significant health risks. The government must recognize the gravity of this situation and prioritize the health and safety of its people. A strong and unequivocal message needs to be sent to those involved in this reprehensible trade: their actions will not be tolerated. This requires more than just levying minor fines. Strict and exemplary action, including arrests, hefty penalties, and the closure of establishments found to be involved in the sale of adulterated milk, is urgently needed. The BFA must be empowered and equipped with the necessary resources and legal backing to conduct regular, unannounced inspections and take swift action against offenders.

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Tribune Express Karachi

Bullet No. 6

Dated: 16 MAY 2025 Page No. 7

# CM calls for reflection on Baloch conflict

OUR CORREPONDENT
QUETTA

Balochistan Chief Minister, Mir Sarfraz Bugti, addressing the Balochistan High Court Bar Association on Thursday, called upon Baloch intellectuals to critically assess the outcomes of decades-long conflicts and guide the younger generation wisely. He questioned whether the prolonged armed struggle and separatist rhetoric had brought any prosperity or merely deepened the province's hardships.

Bugti recalled that the violence in the region escalated following the killing of Justice Nawaz Marri near a courthouse, which led to an FIR against Nawab Khair Bakhsh Marri and his sons. While Nawab Khair Bakhsh Marri surrendered to authorities, his sons chose exile, giving rise to what later became known as the "angry Baloch" movement. The chief minister asserted that this movement had only inflicted pain on the province and its people.

He acknowledged that despite various conspiracies, Pakistan's integrity has remained intact and its institutions have grown stronger. Bugti pointed out that Quetta is now peaceful, though remnants of separatist violence persist in distorted narratives. He criticized elements who once burned the national flag and promoted separatism but now pose as rights activists, calling this a betrayal of constitutional values.

The chief minister condemned the glorification of armed struggle and voiced concern over some lawyers providing legal support to those accused of terrorism, warning that such actions undermine the Constitution.

Highlighting the role of foreign interference, Bugti stated that hostile agencies have exploited the region to incite unrest in Balochistan. He urged the legal community to uphold the rule of law and become advocates for peace.

In a positive move, Bugti announced financial assistance of Rs50 million for the High Court Bar Association. He also introduced several welfare schemes for lawyers, including housing projects.